آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com
MEMBER OF APNS & CPNE

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 24 دسمبر 2020ء بمطابق 08 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 350

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع	
فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

جان و مال کے تحفظ تک کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی، وزیراعظم

جب تک ملکی آمدنی نہیں بڑھتی اس وقت تک صبر کرنا پڑیگا، حکومتی اقدامات سے کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہوگیا ہے، مہنگائی کے لحاظ سے تنخواہیں کم ہیں جیسے جیسے معیشت بہتر ہوگی تنخواہوں میں اضافہ کرینگے

وزیراعظم ہاؤس کے 60 سے 70 فیصد اخراجات کم کیے ہیں، صرف اوورسیز پاکستانی اس ملک کو اٹھا سکتے ہیں، اوورسیز پاکستانیوں کا اعتماد بڑھانے کے لیے پولیس کا بہت اہم کردار ہے

فوج سرحدوں کی محافظ اور پولیس شہریوں کی محافظ ہوتی ہے، تحریک انصاف نے خیبر پختون خوا میں پولیس کو تبدیل کیا، چاہتا ہوں قوم پولیس کو پسند کرے، وزیراعظم کا پولیس لائنز میں پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ جان و مال کے تحفظ تک کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی، ملک میں سب کچھ ہے صرف گورننس کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے، جب تک ملکی آمدنی نہیں بڑھتی، اس وقت تک صبر کرنا پڑیگا، حکومتی اقدامات سے کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہوگیا ہے، مہنگائی کے لحاظ سے تنخواہیں کم ہیں اور جیسے جیسے معیشت بہتر ہوگی تنخواہوں میں اضافہ کریں گے، وزیراعظم ہاؤس کے 60 سے 70 فیصد اخراجات کم کیے ہیں، صرف اوورسیز پاکستانی اس ملک کو اٹھا سکتے ہیں، اوورسیز پاکستانیوں کا اعتماد بڑھانے کے لیے پولیس کا بہت اہم کردار ہے، فوج سرحدوں کی محافظ بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو محکمہ ریونیو اور بلوچستان لینڈ ریونیو مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

ریونیو جنریشن کیلئے ضلعی انتظامیہ کو خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پٹواریوں کی خالی اسامیوں کو بذریعہ پبلک سروس کمیشن پر کرنے اور سروس رولز میں ضروری تبدیلی سے متعلق فوری طور پر سمری ارسال کرنے کے احکامات دیئے

ریونیو جنریشن اسٹرٹیجی مرتب کرتے ہوئے آبیانہ کلیکشن کیلئے ایک جامع میکنزم مرتب کرنے کے ساتھ ساتھ ان تمام تحصیلدار کوان کی حدود میں جمع کئے گئے آبیانہ کی تفصیلات طلب کرنے کیلئے فوری طور پر مراسلہ بھیجا جائے

اگر ضلعی انتظامیہ اپنا بنیادی کام احسن انداز سے سرانجام دے تو محکمہ صوبے کی معاشی ترقی میں کلیدی کردار کا باعث بنے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے محکمہ ریونیو کی استعداد کار میں اضافے اور ریونیو بڑھانے کیلئے جامع میکنزم تیار کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہوئے پٹواریوں کی خالی اسامیوں کو بذریعہ پبلک سروس کمیشن پر کرنے اور سروس رولز میں ضروری تبدیلی سے متعلق فوری طور پر سمری ارسال کرنے کے احکامات دیئے۔ وزیراعلیٰ نے یہ ہدایت محکمہ ریونیو اور محکمے کی ڈیجیٹائزیشن سے متعلق لینڈ مینجمنٹ ریونیو انفارمیشن سسٹم سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ضلعی انتظامیہ اپنا بنیادی کام احسن انداز سے سرانجام دے تو محکمہ صوبے کی معاشی ترقی میں کلیدی کردار کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ جن اصلاحات سے زیادہ سے زیادہ محاصل اکٹھا ہو رہا ہے اس ریونیو میں ان اصلاحات کو بھی شیئر دیئے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ایل او سی پر بلا اشتعال فائرنگ، بھارتی سفارتکار کی دفتر خارجہ طلبی

ایل او سی پر بلا اشتعال فائرنگ، بھارتی سفارتکار کی دفتر خارجہ طلبی، شدید احتجاج ریکارڈ کرایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) 22 دسمبر کو لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر بھارتی افواج کی جانب سے جنگ بندی کی بلا اشتعال خلاف ورزیوں پر بھارتی سینئر سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ بعد کو ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

چمن میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) چمن میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق بدھ کو چمن بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

عمران خان کریمہ بلوچ کے قتل کا معاملہ کینیڈا کے وزیراعظم کے ساتھ اٹھائیں، نواب رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

سبی میں نامعلوم افراد کا ایکسین بی اینڈ آر کی رہائش گاہ پر دستی بم سے حملہ

سبی (این این آئی) ایکسین بی اینڈ آر روڈ سبی کے رہائش گاہ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسرائیل کو تسلیم کرنا اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنا بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

لیگی قیادت استعفوں کی دھمکیوں سے قوم کا وقت ضائع نہ کرے، عملی اقدام اٹھائے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ لیگی قیادت استعفوں کی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سینیٹ الیکشن میں شو آف ہینڈز، صدر مملکت نے ریفرنس سپریم کورٹ بھجوانے کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان نے سینیٹ کے الیکشن شو آف ہینڈز کے ذریعے کرانے کے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

افغانستان میں امن وسطی ایشیا کے ساتھ رابطے کیلئے بہت ضروری ہے، ڈاکٹر معید یوسف

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے کہا ہے کہ افغانستان میں بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو کا پختونخوا ملی عوامی کے سربراہ محمود خان اچکزئی سے ٹیلی فونک رابطہ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پختونخوا ملی عوامی کے بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی اور مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد کی وزیراعظم عمران خان سے ملاقات

کارگو ٹرین سروس کے امور پر بات چیت، ٹرین سروس افغانستان، تاجکستان اور ازبکستان چلانے پر غور کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی اور مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے وزیراعظم پاکستان عمران خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کارگو ٹرین سروس کے امور پر بات چیت ہوئی۔ یہ ٹرین سروس افغانستان، تاجکستان اور ازبکستان بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

سلوگن

اس وقت کرونا وائرس کا واحد علاج اس سے بچاؤ کے طریقوں پر عمل کرنا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق کرونا کیلئے باقاعدہ دوا تجویز ہونے تک ماسک اور سینیٹائیزر کا استعمال، زیادہ قریب بیٹھنے اور رش سے گریز کے علاوہ بلاوجہ خوف سے پرہیز ناگزیر ہو چکا ہے۔ اسی طرح حکومت بلوچستان نے دفاتر، کاروباری مراکز کیلئے جو ایس او پیز وضع کر چکی ہے پر پابندی سے کاربند رہنا ہم سب کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اعجاز شاہ

منشیات کے شکار افراد کیلئے علاج اور بحالی کے کام کرنے پر خصوصی توجہ دینگے، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے کہا ہے کہ منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی اولین ترجیحات میں شامل ہے، منشیات کے شکار افراد کیلئے علاج اور بحالی کے کام کرنے پر خصوصی توجہ دینگے، یو این او ڈی سی کا منشیات کے خاتمے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید کرسمس کی مناسبت سے ایک تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں



اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع دکی کے علاقے چمالنگ کے مقامی کوئلہ کان میں پھنسے تمام 6 کان کنوں کو بحفاظت ریسکیو کرلیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع دکی کے علاقے چمالنگ کے مقامی کوئلہ کان میں پھنسے تمام 6 کان کنوں کو بحفاظت ریسکیو کرلیا گیا۔ چیف انسپکٹر مائنز شفقت فیاض کے مطابق چمالنگ کے علاقے قادری ایریا میں جاری ریسکیو آپریشن مکمل، کوئلہ کان کے اندر پھنسے والے تمام چھ کانکنوں کو بحفاظت نکال بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اجتماعی مسائل کے سامنے انفرادی نوعیت کے مسائل کی کوئی اہمیت نہیں، ضیاء اللہ لانگو

حالات کا تقاضا ہے کہ تمام مسائل کا حل باہمی افہام وتفہیم سے نکالنا چاہیے جس کے دور رس نتائج برآمد ہوں گے

موجودہ صوبائی حکومت تمام مسائل کا حل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے مشاورت سے حل کرنے پر کاربند ہے، وزیر داخلہ

کوٹ لانگو (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ اجتماعی مسائل کے سامنے انفرادی نوعیت کے مسائل کی کوئی اہمیت نہیں وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ تمام مسائل کا حل باہمی افہام وتفہیم سے نکالنا چاہیے جس کے دور رس نتائج برآمد ہوں گے موجودہ صوبائی حکومت تمام مسائل کا حل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے مشاورت سے حل کرنے پر کاربند ہے یہ بات انہوں نے صوبے کیکوٹ لانگو میں دوردراز علاقوں سے آئے ہوئے مختلف وفود سے ملاقات اور موقع پر بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس سے مزید 83 افراد کا انتقال، 2142 نئے مریض سامنے آگئے

مزید 83 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے جبکہ 4 ہزار 415 مریض اس بیماری سے شفایاب ہو گئے

کورونا سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 9 ہزار 557 ہوگئی، مریضوں کی تعداد 462814 تک جا پہنچی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 2 ہزار 142 کیسز سامنے آگئے، مزید 84 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے جبکہ 4 ہزار 415 مریض اس بیماری سے شفایاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں کورونا وائرس کی دوسری لہر جاری ہے، کورونا مریضوں کی تعداد کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں پاکستان 29 ویں نمبر پر ہے۔ پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 2 ہزار 142 کیسز سامنے آئے، مزید 83 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے جبکہ 4 ہزار 415 بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بنیادی معاملہ خواتین کے حوالہ سے قوانین کے نفاذ اور عملی اطلاق کا ہے، عارف علوی

ملکی آئین اور قوانین میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے کوئی ابہام نہیں ہے، گرینڈ قومی مکالمہ سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ خواتین کو اقتصادی، سماجی اور قانونی لحاظ سے بااختیار بنانا معاشرے کیلئے اہمیت کا حامل ہے، ملکی آئین اور قوانین میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے کوئی ابہام نہیں ہے، بنیادی معاملہ خواتین بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

حکومت مخالف تحریک چلانے والوں کے اپنے خلاف تحریک چل پڑی ہے، شبلی فراز

اپوزیشن کو توفیق دے کہ اسے کرسی کی بجائے عوام اور ان کے مسائل نظر آنا شروع ہو جائیں

پی ڈی ایم میں شامل مفاد پرست ٹولے کی سمتیں مختلف اور منزلیں جدا ہیں، یہ سانجھ کی ہنڈیا اب بیچ چوراہے پھوٹ رہی ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ حکومت کیخلاف تحریک چلانے والوں کے اپنے خلاف تحریک چل پڑی ہے، پی ڈی ایم میں شامل مفاد پرست ٹولے کی سمتیں مختلف اور منزلیں جدا ہیں، یہ سانجھ کی ہنڈیا اب بیچ چوراہے پھوٹ رہی ہے۔ ٹویٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ذاتی مفاد کو فوقیت دینے والوں کو رسوائی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ منتشر الخیال اپوزیشن کی انتشاری سیاست میں ملک اور عوام کا بھلا نہیں۔ اللہ تعالیٰ اپوزیشن کو توفیق دے کہ اسے کرسی کی بجائے عوام اور ان کے مسائل نظر آنا شروع ہو جائیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل مفاد پرست ٹولے کی سمتیں مختلف اور منزلیں جدا ہیں، یہ سانجھ کی ہنڈیا اب بیچ چوراہے پھوٹ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے خلاف تحریک چلانے والوں کے اپنے خلاف تحریک چل پڑی ہے، مولانا شیرانی اور حافظ حسین احمد کا بیان اس کی واضح گواہی ہے۔

وفاقی وزیر ریلوے سے چیئرمین سی پیک جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ کی ملاقات

ایم ایل ون منصوبے سے ڈیڑھ لاکھ افراد کو بلواسطہ اور بلاواسطہ روزگار کے مواقع فراہم ہونگے، اعظم سواتی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی سے چیئرمین سی پیک جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے وزارت ریلوے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وفاقی وزیر سے ملاقات میں چیئرمین سی پیک نے نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران سی پیک منصوبے کے حوالے سے بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران ریلوے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور ایم ایل ون منصوبے کے حوالے سے باہمی امور پر بھی بات چیت ہوئی۔ چیئرمین سی پیک نے یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ ایم ایل ون ان کے نزدیک ملک کا اہم تر بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزارت داخلہ 120 دن میں بدل دیں گے، شیخ رشید

وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں تمام چیلنجز سے سرخرو ہونگے

اسلام آباد پولیس کی استعداد کار بڑھائیں گے، وزیر داخلہ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ یقین دلاتا ہوں کہ وزارت داخلہ 120 دن میں بدل جائیگی، اسلام آباد پولیس کی استعداد کار بڑھائیں گے، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں تمام چیلنجز سے سرخرو ہوں گے۔ بدھ کو اسلام آباد پولیس لائنز میں پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے آج پولیس کے سپاہی کو عزت دی ہے۔ شیخ رشید نے اس موقع پر وزیراعظم عمران خان سے درخواست کی کہ اسلام آباد پولیس میں مزید 5 ہزار اہلکاروں کو بھرتی کیا جائے، اسلام آباد پولیس کی تنخواہ پنجاب پولیس کے برابر کردیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس پاسنگ آؤٹ پریڈ میں پہلی بار کسی وزیراعظم نے شرکت کی ہے، اسلام آباد پولیس کی استعداد کار بڑھائیں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں تمام چیلنجز سے سرخرو ہوں گے۔

پاکستانیوں سے متعلق نفرت آمیز مواد نشر کرنے پر برطانیہ کا بھارتی چینل کو 20 ہزار پاؤنڈز جرمانہ

پاکستان، بھارت کے مابین تعلقات پر براہ راست بحث ومباحثے کو نشر کرنے سے روک رہے ہیں

اس بات کو یقینی بنایا جائیگا نشریات سے قبل دیگر اقدامات اٹھانے کیساتھ مواد کا جائزہ لیا جائے، ورلڈ ویو میڈیا نیٹ ورک

لندن (این این آئی) برطانوی ٹیلی کام ریگولیٹر آفس آف کمیونیکیشنز (آف کام) نے ورلڈ ویو میڈیا نیٹ کے بھارتی چینل ری پبلک بھارت ٹی وی پر ایک پروگرام میں پاکستانیوں کے خلاف نفرت آمیز مواد نشر کرنے پر 20 ہزار پاؤنڈز جرمانہ عائد کر دیا۔ رواں سال کے اوائل میں شائع کردہ فیصلے میں، آف کام نے کہا کہ حالات حاضرہ کے پروگرام "پوچھتا ہے بھارت" میں میزبان ارنب گوسوامی اور ان کے کچھ مہمانوں نے کئی بیانات دیئے جو پاکستانی عوام کے خلاف نفرت بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس ویکسین ساز کمپنیوں سے رابطے میں ہیں، این سی او سی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان چین سمیت کورونا وائرس ویکسین ساز کمپنیوں سے رابطے میں ہے۔ ایک بیان میں نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی ویکسین کے تیسرے مرحلے کے ٹرائل کے ڈیٹا سمیت تمام پیش رفت بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس گلزار احمد اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں کھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے پرنٹ، الیکٹرونک اور سوشل میڈیا اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، عمران گچکی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں کھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے پرنٹ والیکٹرونک اور سوشل میڈیا اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، میڈیا کھیل اور کھلاڑی کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، میڈیا بلوچستان میں ہونے والے تمام سپورٹس ایونٹس کی کوریج کرے جس سے بلوچستان کا ٹیلنٹ دنیا کے سامنے آسکے اور بلوچستان کا مثبت پہلو دنیا کے سامنے آئے۔ ان تاثرات کا اظہار سیکرٹری کھیل وامور نوجوانان عمران گچکی نے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت عوامی مسائل سے بخوبی واقف ہے، بلال خان کاکڑ

مسائل کے دیرپا حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں جن کے ثمرات آنا شروع ہوگئے ہیں

حکومت مخالف پروپیگنڈوں سے فرق نہیں پڑتا، آئندہ چند سالوں میں مزید میگا منصوبے مکمل ہو جائیں گے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے مشیر بلال خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوامی مسائل سے بخوبی واقف ہے جن کے دیرپا حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں جن کے ثمرات آنا شروع ہوگئے ہیں آئندہ چند سالوں میں مزید میگا منصوبے مکمل ہو جائیں گے وہ آج یہاں ایک وفد سے بات چیت کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ حکومت مخالف پروپیگنڈوں سے فرق نہیں پڑتا کیونکہ وزیراعلیٰ میر جام کمال خان کی قیادت میں ان بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم والے سوشل میڈیا پر نہیں بلکہ اسپیکر کو استعفے دیں، شاہ محمود قریشی

حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، پی ڈی ایم سے ملکی ترقی ہضم نہیں ہو رہی اور یہ تحریک در حقیقت ملکی ترقی کے خلاف ہے

پی ڈی ایم سے ملکی ترقی ہضم نہیں ہو رہی اور یہ تحریک در حقیقت ملکی ترقی کیخلاف ہے، وزیر خارجہ

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے اراکین سوشل میڈیا پر نہیں بلکہ اسپیکر کو استعفے پیش کریں تاکہ ضمنی الیکشن کرائے جائیں، پی ڈی ایم رہنماؤں کو خواب میں بھی حکومت نظر آتی ہے لیکن اپوزیشن کو انتظار کرنا ہوگا کیونکہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، پی ڈی ایم سے ملکی ترقی ہضم نہیں ہو رہی اور یہ تحریک در حقیقت ملکی ترقی کے خلاف ہے۔ گزشتہ روز ملتان میں اپنے حلقے میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پی ڈی ایم رہنماؤں کو خواب میں بھی حکومت نظر آتی ہے لیکن اپوزیشن کو انتظار کرنا ہوگا کیونکہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ استعفوں کے معاملے پر پی ڈی ایم میں واضح دراڑ نظر آرہی ہے، پی ڈی ایم کے اراکین سوشل میڈیا پر نہیں بلکہ اسپیکر کو استعفے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

افغانستان وسطی ایشیا تک اقتصادی وسعت میں توسیع کے لئے گیٹ وے کا کام کریگا، اسد قیصر

پاکستان اور افغانستان کے مابین دوطرفہ اور معاشی تعلقات کو بہتر بنانے سے سرحد کے دونوں اطراف خوشحالی آئیگی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان ایک دوسرے کے ساتھ مذہب، ثقافت اور تاریخ کے لازوال رشتوں کے بندھن میں بندھے ہوئے ہیں، دونوں ممالک کے عوام کو آپس میں جوڑنا، امن کا قیام اور افغانستان اور پاکستان کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینا دونوں ممالک کے وسیع تر مفاد میں ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے ان خیالات کا اظہار بدھ کی شام اسلام آباد میں ساتویں پاکستان افغانستان مشترکہ کمیٹی کے اجلاس سے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اخبارات اور میگزین میں آیات و حدیث شریف شائع نہ کریں، بلوچستان ہائیکورٹ

ڈی جی پبلک ریلیشنز نے اخباری مالکان کو اخبارات میں قرآنی آیات کی اشاعت سے منع کرنے کے حوالے سے خط لکھ دیا ہے

یہ فیصلہ ڈویژنل بینچ نے اخبارات ومیگزینز میں قرآنی آیات کی اشاعت سے متعلق درخواست گزار ناصر شفقت مری کی جانب سے دائر آئینی درخواست پر سنایا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائیکورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس جناب جسٹس عبدالحمید بلوچ پر مشتمل ڈویژنل بینچ نے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تمام اخبارات ومیگزینز کو نوٹس جاری کریں کہ وہ اپنے اخبارات اور میگزینز میں قرآن مجید کی آیات اور احادیث شریف شائع نہ کریں یہ فیصلہ ڈویژنل بینچ نے اخبارات ومیگزینز میں قرآنی آیات کی اشاعت سے متعلق درخواست گزار ناصر شفقت مری کی جانب سے دائر آئینی درخواست پر سنایا اس موقع پر درخواست گزار کی جانب سے ان کے کونسل سید نذیر آغا ایڈووکیٹ جبکہ حکومت بلوچستان کی طرف سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل شیک بلوچ عدالت میں پیش ہوئے درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ڈی جی پبلک بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزارت آئی ٹی ملک میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، سید امین الحق

کورونا کا مقابلہ کرنے کیلئے آئی ٹی بڑا اہم کردار ہے، کورونا کی دوسری لہر کو نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق نے کہا ہے کہ وزارت آئی ٹی ملک میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، کورونا کا مقابلہ کرنے کیلئے آئی ٹی بڑا اہم کردار ہے، کورونا کی دوسری لہر کو نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق کی زیر صدارت ٹیکنالوجی کے ذریعے کورونا کی دوسری لہر سے نمٹنے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری آئی ٹی شعیب احمد صدیقی، چیئرمین پی ٹی اے بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

انسانی تحفظ کیلئے کورونا وائرس کی ویکسین کی اجازت ہے، اماراتی فتویٰ کونسل

اسلام آباد (این این آئی) اماراتی فتویٰ کونسل کے سربراہ شیخ عبداللہ بن بیہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ انسان کے تحفظ کیلئے کورونا وائرس کی ویکسین کی اجازت ہے۔ شیخ عبداللہ بن بیہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وبائی امراض پورے معاشرے کیلئے خطرہ ہوتے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ناروے کے سفیر کی وزیر توانائی عمر ایوب سے ملاقات، توانائی کے شعبہ پر تبادلہ خیال

توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے شفافیت کو یقینی بنایا جائیگا، توانائی منصوبوں سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا ہے کہ پاکستان میں قابل تجدید توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے شفافیت کو یقینی بنایا جائیگا، توانائی منصوبوں سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ بدھ کو ناروے کے سفیر نے وزیر توانائی عمر ایوب سے ملاقات کی، ملاقات میں توانائی کے شعبہ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا کہ پاکستان میں قابل تجدید توانائی کے شعبے میں بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد کے شہریوں کیلئے اچھی خبر، پراپرٹی ٹیکس میں 200 فیصد اضافہ کالعدم قرار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں پراپرٹی ٹیکس میں 200 فیصد اضافہ کالعدم قرار دے دیا گیا۔ بدھ کو جسٹس محسن اختر کیانی نے اسلام آباد پراپرٹی ٹیکس کیس کا محفوظ شدہ فیصلہ سنا دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کو پرانے ریٹس پر بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سلیم مانڈوی والا کے الزامات بے بنیاد، مناسب وقت پر جواب دیا جائے گا، نیب

نیب معزز پارلیمنٹ اور تمام معزز پارلیمنٹرین کا بے حد احترام کرتا ہے، قومی ادارے کی نظر میں تمام اراکین کی انتہائی عزت و تکریم ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (آن لائن) قومی احتساب بیورو (نیب) نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مناسب وقت پر اس کا جواب دیا جائے گا۔ قومی احتساب بیورو کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ نیب معزز پارلیمنٹ اور تمام معزز پارلیمنٹرین کا بے حد احترام کرتا ہے۔ قومی ادارے کی نظر میں تمام اراکین کی انتہائی عزت و تکریم ہے۔ نیب سلیم مانڈوی والا ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا بھی انتہائی احترام کرتا ہے۔ ترجمان نیب کی بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا آئی سی سی آئی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان جامعہ بلوچستان کیساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، ظہور بلیدی

جامعہ بلوچستان صوبے کے طلباء وطالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع سمیت روشن مستقبل کی جانب راغب کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

انیوویشن لیب کے ذریعے مختلف ترجیح، معلوماتی، تحقیقی سرگرمیوں کو مشترکہ طور پر فروغ دیا جارہا ہے، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ (فنانس) میر ظہور احمد بلیدی نے جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا۔ جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ کے مشیر برائے آئی ٹی پرنس احمد علی، جامعہ کے ڈین فیکلٹیز، سینئر اساتذہ، افسران سمیت دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران جامعہ کے تعلیمی سرگرمیوں، مستقبل کے تعلیمی منصوبوں، تعلیمی اداروں کی ترقی اور مشترکہ طور پر تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بعدازاں صوبائی وزیر نے وائس چانسلر کے ہمراہ جامعہ کے آڈیٹوریم میں ایک تقریب بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

شدید سردی میں اکثر علاقوں میں گیس غائب ہے اور لوگ بجلی کے ہیٹرز استعمال کر رہے ہیں لیکن اب بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، قیوم بازکزئی ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے وائس چیئرمین قیوم بازکزئی ایڈووکیٹ نے بیان میں کہا ہے کہ شدید سردی میں اکثر علاقوں میں گیس غائب ہے اور لوگ بجلی کے ہیٹرز استعمال کر رہے ہیں لیکن اب بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے دن اور رات کو کئی کئی گھنٹے لائٹ بند کردی جاتی ہے جبکہ اسٹریٹ بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ — Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

24 دسمبر 2020ء

لندن کی تحقیقاتی رپورٹ

وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز کا کہنا ہے کہ حکومت مخالف تحریک چلانے والوں کے خلاف خود ان کی پارٹی میں تحریک شروع ہوگئی ہے۔ ان کا اشارہ پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی طرف ہے جن کی پارٹی میں ان کے خلاف بغاوت ہوتی نظر آرہی ہے جس میں پارٹی کے سینئر رہنما شامل ہیں۔ جو مولانا فضل الرحمٰن پر شدید تنقید کر رہے ہیں۔ حافظ حسین احمد کے بعد اب مولانا محمد خان شیرانی بھی مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف میدان میں آئے ہیں۔ خیبر پختونخوا سے بھی جے یو آئی کی صفوں میں دراڑیں پڑنے کی اطلاعات ہیں۔ ویسے جے یو آئی کے مرکزی سیکریٹری جنرل عبدالغفور حیدری نے الزام لگایا ہے کہ مولانا شیرانی سے مخالفانہ بیان حکومت اور اداروں نے دلوایا ہے۔ مولانا غفور حیدری کے بیان میں کتنی صداقت ہے۔ اس کے تعین کے لئے اداروں کو اپنی پوزیشن کی وضاحت کرنا چاہئے۔ دوسری جانب مولانا فضل الرحمٰن ان بھائی اور ساتھیوں کے خلاف نیب کا کارروائیاں تیز ہوگئی ہیں۔ اس کے علاوہ مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف کے خلاف منی لانڈرنگ کیس میں ان کی اہلیہ، بیٹے، بیٹی اور داماد کے اثاثے ظاہر کرنے کا حکم جاری ہوگیا ہے۔ اسی طرح اسپورٹس سٹی ریفرنس میں احسن اقبال پر فرد جرم عائد کر دی گئی ہے۔ کرپشن کیسیز میں ایک انتہائی اہم پیش رفت لندن میں ہوئی ہے۔ جہاں نیشنل اسٹیبلشمنٹ آن منی لانڈرنگ اینڈ ٹیررسٹ فنانسنگ 2020 کی تحقیقاتی رپورٹ سامنے آگئی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اس رپورٹ کی روشنی میں مزید تحقیقات کی ذمہ داری نیشنل کرائم ایجنسی کے سپرد کی جارہی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ برطانیہ میں غیر قانونی پیسہ تیزی سے آرہا ہے۔ یہ پیسہ عام طور پر آف شور کمپنیوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ ریکارڈ باقی نہ رہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ غریب اور پسماندہ ممالک میں کرپشن سے آنے والا پیسہ سینٹرل لندن کے انتہائی مہنگے علاقے میں جائیدادوں میں چھپایا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ سابق وزیراعظم نواز شریف کی جائیدادیں بھی لندن کے اسی پوش علاقے میں ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ لندن میں سامنے آنی والی تحقیقاتی رپورٹ پاکستان سے منی لانڈرنگ کے ذریعہ پیسہ برطانیہ منتقل کرنے والوں کیلئے باعث پریشانی ہوسکتا ہے۔

بابا کے آخری 60 دن



بانیٔ پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کی بھرپور زندگی کے آخری ساٹھ دن بڑے اہم تھے۔

یہ 14 جولائی 1948 کا دن تھا جب اس وقت کے گورنر جنرل محمد علی جناح کو ان کی علالت کے پیش نظر کوئٹہ سے زیارت منتقل کیا گیا تھا۔ اس کے بعد وہ فقط 60 دن زندہ رہے اور 11 ستمبر 1948 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ بابائے پاکستان کے یہی آخری 60 دن اس کالم کے موضوع ہیں۔ یہ پراسرار گتھی آج تک حل نہیں ہوسکی کہ 'قائد اعظم' محمد علی جناح کو شدید بیماری کے عالم میں کوئٹہ سے زیارت منتقل ہونے کا مشورہ کس نے دیا تھا۔ زیارت اپنے صنوبر کے درختوں کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے اور کوئٹہ سے 133 کلومیٹر فاصلے پر 2449 میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔ یہ جگہ ایک بزرگ خرواری بابا کی آخری آرام گاہ کی نسبت سے زیارت کہلاتی ہے اور جناح کی آرام گاہ یا 'قائد اعظم ریزیڈنسی' زیارت سے 10 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

ان کی بہن فاطمہ جناح نے اپنی کتاب 'مائی برادر' میں تحریر کیا ہے کہ کوئٹہ سے زیارت منتقل ہونے کا فیصلہ جناح کا ذاتی فیصلہ تھا کیونکہ ان کی سرکاری اور غیر سرکاری مصروفیات کے باعث کوئٹہ میں بھی انھیں آرام کا موقع بالکل نہیں مل رہا تھا اور مختلف اداروں اور مختلف رہنماؤں کی جانب سے انھیں مسلسل دعوتیں موصول ہو رہی تھیں کہ وہ ان کے اجتماعات میں شرکت کریں اور ان سے خطاب کریں۔

تاہم یہ بات پھر بھی محل نظر ہے کہ جناح کو زیارت کے بارے میں کس نے بتایا تھا اور وہاں منتقل ہونے کا مشورہ کس نے دیا تھا۔

زیارت پہنچنے کے بعد بھی انھوں نے کسی مستند معالج سے علاج کروانے پر توجہ نہ دی لیکن انہی دنوں اطلاع ملی کہ مشہور ڈاکٹر ریاض علی شاہ اپنے ایک مریض کو دیکھنے کے لیے زیارت آئے ہوئے ہیں۔ فاطمہ جناح نے اپنے بھائی سے کہا کہ ڈاکٹر ریاض علی شاہ کی زیارت موجودگی سے فائدہ اٹھانا چاہیے مگر انھوں نے یہ کہتے ہوئے تجویز سختی سے مسترد کر دی کہ انھیں کوئی زیادہ سنگین مرض لاحق نہیں ہے اور اگر صرف ان کا معدہ خوراک کو ذرا بہتر طور پر ہضم کرنے لگے تو وہ جلد ہی دوبارہ صحت مند ہو جائیں گے۔ بقول فاطمہ جناح: 'وہ ڈاکٹروں کے ایسے مشوروں سے ہمیشہ گریز کرتے تھے کہ کیا کریں، کیا کھائیں، کتنا کھائیں، کب سوئیں اور کتنی دیر آرام کریں۔ علاج سے گریز کی ان کی یہی پرانی عادت ایک مرتبہ پھر عود کر آئی زیارت پہنچنے کے بعد بھی انھوں نے کسی مستند معالج سے علاج کروانے پر توجہ نہ دی لیکن انہی دنوں اطلاع ملی کہ مشہور ڈاکٹر ریاض علی شاہ اپنے ایک مریض کو دیکھنے کے لیے زیارت آئے ہوئے ہیں۔ فاطمہ جناح نے اپنے بھائی سے کہا کہ ڈاکٹر ریاض علی شاہ کی زیارت موجودگی سے فائدہ اٹھانا چاہیے مگر انھوں نے یہ کہتے ہوئے تجویز سختی سے مسترد کر دی کہ انھیں کوئی زیادہ سنگین مرض لاحق نہیں ہے اور اگر صرف ان کا معدہ خوراک کو ذرا بہتر طور پر ہضم کرنے لگے تو وہ جلد ہی دوبارہ صحت مند ہو جائیں گے۔

بقول فاطمہ جناح: 'وہ ڈاکٹروں کے ایسے مشوروں سے ہمیشہ گریز کرتے تھے کہ کیا کریں، کیا کھائیں، کتنا کھائیں، کب سوئیں اور کتنی دیر آرام کریں۔

علاج سے گریز کی ان کی یہی پرانی عادت ایک مرتبہ پھر عود کر آئی تھی۔ مگر جلد ہی وہ اپنی اس عادت کو ترک کرنے پر مجبور ہوگئے۔ زیارت پہنچنے کے ایک ہفتے کے اندر ان کی طبیعت اتنی خراب ہوئی کہ ان کی زندگی میں پہلی مرتبہ ان کی صحت خود ان کے لیے پریشانی کا باعث بن گئی۔ اب تک ان کا خیال تھا کہ وہ صحت کو اپنی مرضی کے تابع رکھ سکتے ہیں مگر 21 جولائی 1948 کو جب انھیں زیارت پہنچے ہوئے فقط ایک ہفتہ گزرا تھا، انھوں نے یہ تسلیم کرلیا کہ اب انھیں صحت کے سلسلے میں زیادہ خطرات مول نہیں لینے چاہییں اور یہ کہ اب انھیں واقعی اچھے طبی مشورے اور توجہ کی ضرورت ہے۔ فاطمہ جناح کا کہنا ہے کہ جوں ہی انھیں اپنے بھائی کے اس ارادے کا علم ہوا تو انھوں نے ان کے پرائیویٹ سیکریٹری فرخ امین کے ذریعے کابینہ کے سیکریٹری جنرل چوہدری محمد علی کو پیغام بھجوایا کہ وہ لاہور کے ممتاز فزیشن ڈاکٹر کرنل الٰہی بخش کو بذریعہ ہوائی جہاز زیارت بھجوانے کا انتظام کریں۔ ڈاکٹر الٰہی بخش 23 جولائی 1948 کو کوئٹہ اور پھر وہاں سے بذریعہ کار زیارت پہنچے لیکن دن بھر سفر کرنے کے باوجود انھیں زیارت پہنچتے پہنچتے شام ہوگئی اور جناح سے ان کی ملاقات اگلی صبح ہی ممکن ہوسکی۔ انھوں نے اپنی کتاب (جاری ہے)

حکومت گراؤ مہم کی اصل کہانی

مہر محمد حسنین ہراج

لاہور جلسے میں ناکامی کے بعد تحریک پی ڈی ایم کی مایوسی میں اب اضافہ ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ اس جلسے میں ایک جم غفیر اور عوام کی متوقع آمد نہ ہونے کی وجہ سے پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے محمود اچکزئی نے حکومت کی بجائے زندہ دلان لاہور کو ہی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ادھر مریم نواز صاحبہ نے ایک میٹنگ میں اپنے پارٹی رہنماؤں پر تمام غصہ نکالا تو دوسری طرف عمران خان صاحب نے فروری میں سینٹ کے الیکشن کا عندیہ دے کر پی ڈی ایم کو مزید جھٹکا دے ڈالا۔ مگر اس کے باوجود پی ڈی ایم نے اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرتے ہوئے دوسرے مرحلے کی تیاری کیلئے منظم ہونے کی کوششیں تیز کر دی ہیں جلسوں کے بعد لانگ مارچ بھی ہوگا شائد دھرنا بھی ہوگا استعفے بھی ہونگے جو پارٹی سربراہان کو جمع کروانے کا سلسلہ شروع بھی ہوگیا ہے پھر استعفوں کے تمام بنڈلز مولانا صاحب کی جھولی میں ڈال دیے جائیں گے جنہیں پیش کرنے کا فریضہ مولانا فضل الرحمان صاحب ہی ادا کریں گے یہ ہے تحریک پی ڈی ایم کی کل کہانی جس کے رائٹر اور ہدایت کار میاں نواز شریف اور کچھ معاونت آصف علی زرداری صاحب کی بھی ہے۔ مولانا صاحب مریم نواز صاحبہ اور بلاول بھٹو زرداری صاحب اس کہانی میں مرکزی رول ادا کر رہے ہیں۔ حکومت گرانے کی اس پہلی ڈرامائی سیریل کا لاہور جلسے میں ناکامی کے ساتھ ہی اختتام ہو چکا ہے۔ میرے مطابق نواز شریف کی طرف سے لکھی گئی اس کہانی پر مکمل عمل نہیں ہوگا کیونکہ استعفوں کی سیاست پر آصف علی زرداری اور شہباز شریف یقین نہیں رکھتے شہباز شریف اور بلاول بھٹو زرداری کی دو طرفہ ملاقات میں انکشاف ہوا ہے کہ شہباز شریف نے نہ صرف استعفوں کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے بلکہ پی ڈی ایم کے بیانیے کی بعض شقوں سے بھی اختلاف کیا ہے۔ معتبر ذرائع سے پیپلز پارٹی کی اندرونی کہانی کی جو اطلاع ملی ہے وہ یہ ہے کہ آصف علی زرداری نے استعفوں کی سیاست سے علیحدگی اختیار کرتے ہو مارچ میں منعقد ہونے والے سینٹ الیکشن کی تیاریاں بھی شروع کر دی ہیں چھوٹی بڑی گیارہ جماعتوں کی سپانسر شپ سے چلنے والی اس کہانی کی بنیاد انقلاب تلی بندی عوام پر جلدی منکشف ہونے والی ہے۔ تحریک پی ڈی ایم کے نام سے چلنے والی اس سیریل کا منطقی انجام جو ہوگا سو ہوگا مگر اس سے پہلے جو غور طلب بات ہے وہ یہ ہے کہ پی ڈی ایم کی بڑی اتحادی جماعت مسلم لیگ ن جس کے سربراہ نواز شریف جو سند اقتدار پر تین مرتبہ فائز رہ چکے ہیں۔ دوسری طرف پیپلز پارٹی کے سرپرست اور چیف ایگزیکٹو آصف علی زرداری صاحب اور جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل والرحمان صاحب یہ بھی کئی مرتبہ اقتدار کے میٹھے ذائقہ کا مزہ لے چکے ہیں۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی ان دونوں بڑی جماعتوں کے سابقہ حکمران جو پچھلے چالیس پچاس سالوں سے پاکستانی سیاست وجمہوریت میں سیاہ وسپید کے مالک رہے ہیں۔ اتنے طویل عرصہ بعد عوام نے حکومت کیلئے تیسری جماعت اور عمران خان کو وزیراعظم منتخب کرنے کی جسارت کر بھی لی ہے۔ تو کون سی پاکستان پر قیامت ٹوٹ پڑی ہے۔ یا کون سا بہت بڑا ظلم ہوگیا ہے جو سابقہ حکمرانوں کیلئے ناقابل برداشت بنتا جا رہا ہے۔ یہاں پر ایک بہت ہی اہم سوال جنم لیتا ہے کہ جن لوگوں کی زندگیاں اقتدار کے ایوانوں میں گذر گئیں اور دولت کے بھی انبار لگے تو اب وہ کونسی کمی رہ گئی ہے جو نواز شریف آصف علی زرداری اور مولانا صاحب کیلئے پوری کرنا آکسیجن کی طرح ضروری بھی جاری ہے۔ چلو مان لیا مہنگائی کا طوفان بھی ہے کیا سابقہ ادوار میں ایسے طوفان نہیں آئے چلو مان لیا بدامنی اور ناانصافی بھی ہے کیا سابقہ ادوار میں انصاف اور امن کسی کو نصیب ہوا چلو مان لیا قتل وغارت گری چوری اور ڈاکہ زنی بھی عام ہے کیا سابقہ ادوار میں اسطرح کے عمل رونما نہیں ہوئے یہ بھی مان لیتے ہیں کہ حکومتی جانب سے احتساب مقدمات اور پکڑ دھکڑ کا عمل جاری ہے کیا سابقہ ادوار میں اس طرح کی کاروائیاں نہیں ہوئیں بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوتی رہتی ہیں اگر یہ سب کچھ سابقہ دور حکومتوں میں ہوتا رہا ہے۔ تو پھر ان تینوں بڑی جماعتوں کے درمیان وہ کونسے اہم ایشوز ہیں جنہیں اپوزیشن جماعتوں نے زندگی اور موت کا مسئلہ بنالیا ہے۔ بڑے بڑے فلاسفر دانشور میڈیا اینکرز حتیٰ کہ اپوزیشن جماعتیں اور حکومت کی طرف سے این آر او کا فلسفہ بیان کیا جا رہا ہے۔ یہ میری سمجھ میں نہیں آرہا میں ڈنکے کی چوٹ پر یہ بات کہوں گا کہ این آر او تو عمران خان صاحب ان جماعتوں کو کب کا دے چکے ہیں۔ نواز شریف کو باہر لندن بھیج دیا ہے۔ آصف علی زرداری کو رہائی مل گئی ہے۔ شہباز شریف نے خود گرفتاری دی ہوئی ہے باقی رہیں عدالتی تاریخیں تو وہ باقی اڑھائی سالوں میں انہی بھگتنا پڑیں گی تو کون سی وہ سختی اور ظلم ہے جس کیلئے اپوزیشن جماعتیں ہاتھ پاؤں مار رہی ہیں مہنگائی اور بے روزگاری سے تنگ عوام کیلئے ہمدردی تو یہ بے تکی اس بات کو تو اب ہر بندہ سمجھ رہا ہے۔ تو میں لومیری اس بات کو پوری قوم سمجھے اگر ان گزشتہ اڑھائی سالوں میں عمران خان نے انہیں کچھ نہیں کہا اور نہ ہی لوٹی ہوئی دولت واپس لی ہے تو آئندہ اڑھائی سالوں میں بھی کچھ نہیں کہے گا اصل بات یہ ہے کہ عمران خان صاحب چائنا اور ترکی بلاک میں شامل ہوگیا ہے۔ جو کسی بھی صورت امریکہ اور سعودی عرب کو گوارا نہیں اسی لئے تو بیرونی طاقتوں کا جھکاؤ بھی اپوزیشن کیطرف ہے اور وہ ایک دن بھی عمران خان کی حکومت کو برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں یہ تو بیرونی طاقتوں کے مقاصد ہو گئے دوسری بات یہ ہے کہ عمران خان انتخابی اصلاحات کیلئے الیکٹرول سسٹم کے ذریعے متناسب نمائندگی کا نظام اور کئی دیگر اصلاحات لانا چاہتا ہے۔ جس کا وہ بلدیاتی انتخابات کیلئے تو اعلان کر بھی چکا ہے مگر قومی اور صوبائی الیکشن کیلئے متناسب نمائندگی کا نظام سابقہ حکمران جماعتوں کیلئے قیامت کے مترادف ہے انہیں خبر ہے اس نظام کے تحت ہماری تو چھٹی ہو جائیگی مگر ہماری اگلی نسلوں کو سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا وزیر داخلہ شیخ رشید صاحب نے سینٹ الیکشن کے بعد اس بہت بڑی تبدیلی کا عندیہ بھی دے دیا ہے۔ اب قابل غور بات یہ ہے کہ بیرونی طاقتوں اور اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ ٹارگٹ عمران خان بن گیا ہے۔ اس لئے اندرونی اور بیرونی دھڑے مل کر عمران خان کی سیاست واقتدار سے ہمیشہ کیلئے چھٹی کروانا چاہتے ہیں اگر عمران خان صاحب اندرونی اور بیرونی دھڑوں میں سے کسی ایک کی بھی مان لیں تو حکومت کیلئے آسانیاں پیدا ہو سکتیں ہیں۔ مگر عمران خان ایسا ہر گز نہیں کرے گا تو پھر ایسی صورت میں ممکن ہے عمران خان کو سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑے حکومت گراؤ مہم کی اصل کہانی یہی ہے کہ اندرونی اور بیرونی طاقتوں نے مل کر موجودہ فرسودہ نظام کو ہر حال میں بچانا ہے۔ تاکہ دھن دھونس دھاندلی کے ذریعے من مرضی کی حکومت سازی ہوتی رہے۔ اور اپنے مفادات کا تحفظ بطور احسن بھی ہوتا رہے۔

☆☆☆☆☆

ماں کی گالی مت دیجیے!

آمنہ مفتی

گالی دینا بھی ایک فن ہے، جو اس فن میں کورا ہے وہ ہمیشہ اپنی اس کمی کو چھپانے کے لیے غلیظ زبان استعمال کرتے ہوئے، صنفی، نسلی اور تعصب سے بھرے الفاظ کی آڑ لے گا۔ ارے مورکھو! گالی کی لطافت، نزاکت اور ندرت کو تم کیا جانو۔ تم، جو ماں بہن کی گالی دے کر سمجھتے ہو کہ میدان مار لیا۔

یہ ساری بات یوں شروع ہوئی کہ چند روز قبل خبر ملی کہ انڈیا کی کچھ خواتین نے گالیوں کی ایک نئی لغت یا یوں کہیے فہرست مرتب کی ہے جس میں صنفی، نسلی اور کسی طرح کے تعصب کا اظہار کیے بغیر دی جانے والی 'صاف ستھری' گالیاں درج ہیں۔

یہ پڑھ کے میں نے آج تک اپنے اردگرد دی جانے والی گالیوں پر غور کیا تو علم ہوا کہ ہمارے ہاں گالی تو ہے ہی تعصب کا اظہار، کسی کی صنف، رنگ، نسل، پیشے کو نشانہ بنائے بغیر دی جانے والی کوئی بھی گالی میں نے نہیں سنی۔

انسان کے پاس نہ تو ڈنک ہے، نہ ہی پنجے، نہ تیز دھار دانت فقط یہ زبان ہی تو ہے جس کی تیزی سے وہ مخالف کو نفسیاتی دباؤ میں لیتا ہے۔ اس فہرست کے بارے میں پڑھتے، پڑھتے مجھے ماضی قریب میں ٹوئٹر پر چلے دو ٹرینڈز یاد آگئے۔

دونوں ٹرینڈز میں انسان کے ایک قدیمی پیشے کو گالی کے طور پہ لکھا گیا تھا۔ پہلا ٹرینڈ ذرا وزن کا خیال رکھ کے بنایا گیا تھا۔ جس پہ مجھے کسی کی کہی بات یاد آئی کہ گالی تو ایک مصرعہ ہوتی ہے۔ بے وزن نہیں ہوتی، نہ ہی بحر سے باہر۔

خیر تو اس ٹرینڈ کے جواب میں کئی ماہ بعد ویسا ہی ٹرینڈ چلایا گیا جس سے ثابت ہوا کہ دی گئی گالی نے خاطر خواہ نقصان پہنچایا ہے۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ یہ ایک سیاسی جدوجہد ہے۔ سیاست میں نظریات اور منشور کی بات کی جاتی ہے لیکن یہاں ساری سیاست گالیوں، الزامات اور فحش سوشل میڈیا ٹرینڈز پر مشتمل ہے۔

تحریک انصاف نے الیکشن میں کیا منشور دیا تھا؟ پوچھیے تو ذرا، جواب میں ننگی گالیاں سننے کو ملیں گی۔ مسلم لیگ ن کی کسی کی پہ سوال کیجیے، فحش گالیاں۔ پیپلز پارٹی کی کارکردگی پہ سوال اٹھائیے، مغلظات ہی مغلظات۔

یہ تو ہے مجموعی صورت حال لیکن ایک بات ماننا پڑے گی کہ گالیاں بکنے اور فحش گوئی میں ایک مخصوص سیاسی جماعت کے سوشل میڈیا پہ پائے جانے والے حمایتیوں نے سب جماعتوں اور قوموں کو کہیں پیچھے چھوڑ دیا ہے، کوئی مقابل نہیں دور تک، بلکہ بہت دور تک۔ اس برتری پہ ان سب کو بجا طور پہ فخر کرنا چاہیے۔

ابتدا میں یہ اس میدان میں تنہا تھے لیکن وہ کیا کہتے ہیں کہ ہمسفر ملتے گئے اور کارواں بنتا گیا۔ آج سوشل میڈیا پہ جدھر دیکھیے ماں بہن ایک ہو رہی ہے۔

گالی اور بدزبانی کے اس طوفان بدتمیزی کو درجہ کمال پہ پہنچانے والوں نے کئی کم مستعمل گالیاں بھی زبان زد عام کی ہیں۔ ان گالیوں میں بھی انسانی پیشوں، شکل وصورت اور صنف کے ساتھ ساتھ مجرمانہ اور غیر فطری افعال کرنے کا عزم بھی دہرایا جاتا ہے۔

یہ وہ گالیاں ہیں جو اس سے پہلے عام لوگوں کی زبان پہ نہ تھیں۔ کئی گالیوں کے صوتی تاثرات تو اس قدر تھمبیر ہوتے ہیں کہ سننے میں کسی یونانی دوا کا نام لگتے ہیں۔ ایک ایسی یونانی دوا، جو یہ بدزبان وقت سر کھا لیتے تو بہت سے اسم ہائے دشنام اردو زبان کے ذخیرہ الفاظ میں شامل ہونے سے رہ جاتے۔

لسانیات کے ماہر اکثر انہی سیدھی تحقیق کیا کرتے ہیں۔ صلائے عام ہے کہ ایک تحقیق اردو زبان میں گالیوں کے ارتقا پر بھی کر لی جائے۔ مقالے کا موضوع بتائے دیتے ہیں، 'بازار وزبان کے فروغ میں سیاست کا کردار، عہد حاضر میں۔'

دن رات گالم گلوچ اور زبانی جوتم پیزار میں مشغول لوگوں کو گالی دینے کی تمیز سکھانے والی ان انڈین لڑکیوں کی کوشش کو سلام لیکن کیا چند قطروں سے بدزبانی کی یہ آگ بجھ پائے گی؟ چلیے بجھ نہ سکی تو اتنا ضرور ہو گا کہ لوگ کم سے کم یہ سمجھ جائیں گے کہ گالی دینا بھی ایک آرٹ ہے۔

گفتگو کے دوران اختلافات بھی جنم لیتے ہیں، بعض اختلافات ایسے ہوتے ہیں کہ دلائل ختم ہو جاتے ہیں اور سوائے گالی کے کوئی راستہ باقی نہیں بچتا۔ اس وقت پہ بے قابو ہو کے فحش زبان استعمال کرنے کی بجائے اپنے دماغ پہ زور دیجیے، نئی اختراع، نئی ایجاد جس میں آپ کا اپنا کردار ملوث نہ ہو، ایسی گالی دیجیے تو کوئی بات بھی بنے۔ یہ کیا کہ وہی گھسی پٹی گالیاں اور جو نئی بھی نکالیں تمام کی تمام فحش۔ کبھی ایسا بھی کیا ذہنی افلاس ہے؟

فن یہ ہی ہے کہ غلیظ زبان استعمال کیے بغیر اپنے مخالف کو نفسیاتی دباؤ میں کیسے لایا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی یہ فن نہیں سیکھ سکتا تو اسے گالی کے بہانے ننگی گفتگو کرنے کا بالکل حق حاصل نہیں ہونا چاہیے۔ اس نئی فہرست سے کچھ تو سبق لیجیے، گالی دیجیے، اس بہانے سے فحش گوئی نہ کیجیے۔

تماشے پہ تماشا

سید غلام حیدر شاہ قلندری

تماشا بین ہمیشہ وہی ہوتا ہے جس کا تماشا برپا کرنے میں کلیدی کردار ہوتا ہے، یہ دوسری بات ہے کہ ڈوکری کا نشان تماشے کے خاص آدمی کے ہاتھوں پر ہوتا ہے۔ عموماً ناچنے والے نچانے والوں کے محتاج تو ہوا کرتے ہیں لیکن حصے دار ہرگز نہیں۔ جیسے چوکیدار تنخواہ تو ضرور لیتا ہے لیکن جن چیزوں کی چوکیداری کرتا ہے اس کا حصہ دار نہیں بنتا۔ اس طرح وزن اٹھانے والا کرایا تو لیتا ہے لیکن وزن اور سامان کی مالکی نہیں کر سکتا۔ کرائے دار اپنی رہائش کی مدت تو پوری کرتا ہے لیکن مالکی کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ سواری میں بیٹھنے سے منزل تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے لیکن سواری کی مالکی نہیں کی جا سکتی ہے۔ ایسے ایک ہوٹل سے کھانا کھانے سے مالک نہیں بن سکتا۔ اس طرح رسومات ختمہ فی سبیل اللہ تو ہو جاتی ہے لیکن مردہ زندہ نہیں بن سکتا۔ اس طرح حسن اور صورت کی نمائش تو کی جاتی لیکن سیرت کا ہونا اور بات ہے۔ اس طرح کچھ چھپی ہوئی باتیں سنتا اور ان تک پہنچنا اور بات ہے۔ اس طرح بڑے دعوے اور بڑی باتیں کرنا اور واقعی ایسا ہونے میں فرق ہے۔ اس طرح ہر اچھا لباس زیب تن کیا جا سکتا ہے لیکن اس کو دھونا اور بات ہے۔ ایسے بے وقتی لیڈر بیچ لیڈر بن نہیں پاتے۔ ایسے کوئی وبائی مرض نقصان کار ہوسکتا ہے لیکن ہمیشہ باقی نہیں رہتا۔ اسی طرح ہر ایک صاحب دولت حقیقتاً امیر نہیں ہوتا۔ اس طرح ہر ایک غریب فقیر نہیں بنتا۔ جس طرح ہر سیاستدان کی اولاد سیاست تو کرتی ہے لیکن نام اور لیڈرشپ کچھ اور ہے۔ جیسے ایک ڈاکٹر کے بیٹے کو ڈاکٹر بننے کے لئے کوالیفائیڈ ہونا ضروری ہے۔ ایسے نقل والی اشیاء کے لئے بھی اچھی پیکنگ کی ضرورت پڑتی ہے لیکن پیکنگ اصلیت کو چھپا نہیں سکتی ہیں۔ وفاداری بیچاری تو بن جاتی ہے لیکن بے وفائی کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتی ہیں۔ اس طرح ہر ایک شخص ناشکرا ومحروم سکون بن جاتا ہیں لیکن نعمتوں والے نخرے نہیں کرتے۔ ہر ایک پیر فقرا کہلا سکتا ہے لیکن اپنے لباس میں نہیں چھپ سکتا اور وقت آنے پہ ظاہر ہو ہی جاتا ہے۔ اس طرح عشق کو فقط خوشبو سے پہچانا جا سکتا ہے۔ ہر بات پہ ہاں کرنے والا فقط وقت کے انکار میں رہتا ہے۔ ایک مداری بندر سے کمائی تو کر سکتا ہے لیکن خود بندر نہیں بن سکتا۔ ایسے کرداروں سے ہی معاشرے میں سب کچھ چلتا ہے۔

اسرائیلی میڈیا اُمت مسلمہ میں افتراق پھیلانے کی راہ پر

تصور حسین شہزاد

اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے پاکستان کا موقف واضح ہے۔ پاکستان نے دوٹوک انداز میں اعلان کیا ہے کہ جب تک فلسطین کو آزادی نہیں مل جاتی، بیت المقدس کو فلسطینیوں کے حوالے نہیں کر دیا جاتا، پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گا۔ راقم ذاتی طور پر پاکستانی حکومت کے اس موقف سے اتفاق نہیں کرتا، کیونکہ اسرائیل کلی طور پر ایک ناجائز ریاست ہے، اُسے مشروط تسلیم کرنا بھی غلط ہے۔ اس حوالے سے یہ علاقہ جس پر اسرائیلی وجود قائم کیا گیا ہے، یہ کلی طور پر ارض فلسطین ہے، اس پر فلسطینیوں کا حق ہے۔ یہودی جو دنیا بھر سے لا کر یہاں بسائے گئے ہیں، انہیں واپس ان کے آبائی ممالک میں بھیجا جائے اور دوسرے ملکوں میں دربدر ہوتے فلسطینیوں کو واپس لا کر ان کے گھروں میں آباد کیا جائے۔ یہی ہے اور اصل اور برحق مطالبہ ہے۔ متحدہ عرب امارات کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا اعلان اب کیا گیا جبکہ یو اے ای حکمرانوں کے موساد کیساتھ تعلقات بہت پہلے سے قائم ہو چکے تھے۔ کھلے عام ان کا اعتراف اب کیا گیا ہے۔

یو اے ای کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو ایسے لگتا ہے کہ دبئی کو اسرائیل کا دارالحکومت بنا دیا گیا ہے۔ یہاں اسرائیل کے اہم دفاتر قائم ہیں اور تو اور اب اسرائیلیوں کیلئے ایک سکول بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ گذشتہ روز اسرائیل کے ایک سینئر ربی نے دبئی کا دورہ کیا اور یہودی سکول کا افتتاح کیا۔ اسرائیل کے چیف سپارڈک ربی جمعرات کو دبئی پہنچے، یہ کسی بھی یہودی ربی کا دبئی کا پہلا دورہ تھا۔ یو اے ای کے بعد سوڈان اور مراکش کیلئے اسرائیل کو تسلیم کرنے کیلئے راہ ہموار ہوئی۔ ربی یزوک یوسف نے دبئی میں جہاں سکول کا افتتاح کیا، وہیں یو اے ای کیلئے ربی کی نامزدگی بھی کی۔ اس سکول کی ممبر شپ 50 ہزار سے زیادہ یہودی لے چکے ہیں، جو اس کی افتتاحی کے رکن بنے ہیں۔

یہاں اسرائیلیوں کیلئے ویزے میں بھی نرمی کا معاہدہ کیا گیا ہے۔ اس یہودی سکول کیلئے 30 افراد پر مشتمل عملہ بھی تعینات کیا گیا ہے، جو اسرائیل سے لائے گئے یہودیوں پر مشتمل ہے، جبکہ دبئی سمیت یو اے ای کے ڈیڑھ سو ہوٹلوں میں اسرائیلی کھانے بھی ملنے لگے ہیں۔ اسرائیل سے فضائی رابطے بحال ہونے سے اب تک 50 ہزار سے زائد یہودی یو اے ای کا دورہ کر چکے ہیں جبکہ آئے روز ان کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اگر کہا جائے کہ اسرائیل یو اے ای کا مکمل کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے چکا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔

جہاں تک پاکستان کی بات ہے، تو برطانیہ میں مقیم پاکستانی صحافیوں کے ساتھ موساد مسلسل رابطے میں ہے اور انہیں برطانوی پاسپورٹ پر گاہے بگاہے اسرائیل کے دورے بھی کروا رہی ہے۔ جہاں ان صحافیوں کو بیت المقدس کی زیارت کے نام پر دعوت دی جاتی ہے، جسے وہ بخوشی قبول کر لیتے ہیں جبکہ یہ بھی اطلاعات ہیں کہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی صحافیوں کو بھاری فنڈنگ بھی کی جا رہی ہے، تاکہ وہ اسرائیل پاکستان تعلقات کی بحالی کیلئے زمینہ سازی کریں۔

اس حوالے سے اب مذکورہ صحافیوں نے "پرفارمنس" دکھانا شروع کر دی ہے۔ اس مقصد کیلئے اسرائیلی میڈیا بھی بڑھ چڑھ کر ایسی خبریں پھیلا رہا ہے، جس سے اُمت میں انتشار پھیلے، یا اُمت مسلمہ کے دل میں اسرائیل کیلئے قبولیت کے جذبات پیدا ہوں۔

پچھلے کچھ دنوں میں میڈیا میں خبریں چلوائی گئیں کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کے مشیر زلفی بخاری نے اسرائیل کا دورہ کیا۔ اس کے بعد خصوصاً بی بی نے شور مچانا شروع کر دیا کہ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



"یہ ہے ہمارا پاک وطن..........پاکستان"

samiumalik@hotmail.com

ہمارا پاکستان دنیا کا عجیب وغریب ملک ہے۔ بلاشبہ برصغیر کی تقسیم جدید تاریخ کا ایک چونکا دینے والا واقعہ تھا جس کے نتیجے میں یہ قائم ہوا۔ جمہوری طریقے سے اسلامی فلاحی نظام کیلئے قائم ہونے والی اس مملکت میں آمریت بھی بے حساب ہے اور جمہوری کی جمہوریت نوازی کی بھی کوئی حد نہیں لیکن رب نے جس وعدے پر عطا فرمایا تھا، اس کی طرف ابھی تک کوئی کوشش نہیں کی گئی بلکہ سارا زور مخالف سمت میں گھنٹ بھاگنے میں لگ رہا ہے۔ اس سے اندازہ لگائیں کہ قوم اکیسویں صدی میں بھی پورے اطمینان سے چار فوجی حکومتیں بھگتا چکی ہے۔ یہاں جمہوریت سے لگن بھی ایسی ہے کہ پاکستان کی پہلی نصف صدی ہی کے اکاؤنٹ میں نصف درجن ملک گیر جمہوری تحریکوں کے نتائج میں غیر جمہوری طاقتیں ایسی مسلط ہوئیں کہ ان سے جان چھڑانے کیلئے پھر سے تحریک چلانی پڑی۔ آزادی صحافت کیلئے مسلسل جدوجہد کی ایک شاندار تاریخ اس کے علاوہ ہے اور ملکی دولت لوٹنے والوں کے سلام کرنے والے میڈیا ہاؤس اور صحافی بھی دندناتے پھرتے ہیں۔ دانشوروں اور صحافیوں کی اکثریت "بدترمنتخب حکمران بہترین آمر سے بہتر ہے" اور "جمہوریت بہترین انتقام ہے" کے فلسفہ جمہوریت کی ایسی پیروکار کہ این آر او کے پردے میں لپٹی ہوئی سابق کرپٹ حکمرانوں کیلئے اس زور سے بانہیں کھولے کھڑی تھی کہ ملک کے پاپولر سیاستدان اپنی تمام کرپشن اور سول آمریت سمیت اس میں سما گئے اور جن کے بارے میں بڑے دھڑلے سے کہا گیا تھا کہ یہ اب کبھی بھی ملک میں واپس نہیں آسکتے، ان سے دبئی میں بیٹھ کر مذاکرات میں اقتدار کی بندربانٹ کے اصول طے کئے گئے لیکن تاریخ نے ایسے چشم کشا مثالیں قائم کردیں کہ جو اپنی کرسی کو بڑا مضبوط سمجھتا تھا، اس کو باعث عبرت بنادیا گیا اور بعدازاں افغانستان سے سرخ ریچھ کو خاک چاٹنے پر مجبور کرکے امریکا بہادر کو دنیا کی واحد سپر پاور میں مدد دینے والے کا جہاز اپنے ہی سفیر اور اعلیٰ فوجی افسر سمیت ہمارے دفاعی ادارے کو درجنوں قابل تجربہ کار افراد سمیت ہماری ہی فضاؤں میں آگ کے گولے میں ایسا تبدیل کر دیا گیا کہ تحقیق کیلئے ثبوتوں کو بھی راکھ کر دیا گیا اور آج تک سراغ ملنے کے باوجود زبانیں گنگ ہیں۔

اس حادثے کے فوری بعد ایسا جمہوری دور متعارف کروایا گیا کہ قوم وقت کے ساتھ ساتھ پرانے نظام کی خوبیوں کے اس طرح تذکرے کریں کہ پرانے ادوار کی تمام برائیوں اس طرح پس پردہ چلی جائیں کہ دوبارہ انہیں کی طرف دیکھنا شروع کر دیں اور یقیناً وقت کے ساتھ قوم نے اس جمہوری نظام کے ایسے جمہوری تماشے دیکھے کہ ایوان اقتدار کے مکینوں کو ایک جمہوری صدر ایک تقریر سے برطرف کر دیتا تھا۔ عدالتوں سے استثناء اس قدر مجروح ہو گیا تھا کہ نظریہ ضرورت کی بنا پر خود پلیٹ میں رکھ کر گراں اختیارات سے بھی نہال کر دیا جاتا تھا کہ جن کا درخواست میں مطالبہ بھی نہیں ہوتا تھا۔ کیا عجیب قانونی استدلال بھی قوم نے بھگتا کہ پاکستانی آئینی حکومت میں ایوان اقتدار میں باوردی صدر کی گنجائش نکال لی گئی۔ شائد اس کی یہ وجہ بھی ہو کہ ہماری جمہوریت نے یہ عجیب وغریب منظر بھی دیکھا تھا کہ اس پارلیمنٹ میں آئین بنانے کے بعد فوجی حکومت کو ہمیشہ کیلئے دفن کرنے کا اعلان کرنے والے وزیراعظم کو اسی کے منتخب کردہ جنرل نے نہ صرف برطرف کیا بلکہ ایک قبر کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کو آخری منزل پر پہنچا کر دم لیا۔

یہ جمہوری چوہے بلی کا کھیل اب بھی جاری وساری ہے اور اب موجودہ حکومت اپنی باری بھگتا رہی ہے۔ یہاں ڈکٹیٹر بیٹھ کر حکومت کر سکتے ہیں نہ منتخب حکمران، جو اقتدار کے روز اول سے خاتمہ حکومت تک خود کو غیر محفوظ سمجھتے ہیں۔ اپوزیشن "جمہوریت" سے تنگ آکر آمریت کو یاد کرنے لگ جاتی ہے، جب فوجی آمریت جلوہ گر ہوتی ہے تو الیکشن ہی سارے مسائل کا حل قرار پاتے ہیں۔ پھر فرشتے اور لٹیرے مل کر جمہوریت کی صدائیں لگاتے ہیں۔ پھر پیارے پاکستان میں فوجی سیاست کرتے ہیں اور سیاستدان تجارت لیکن سیاست کی تجارت، بلکہ ہمارے پاپولر ووٹ بینکر تو سیاست کو صنعت کے درجے پر لے آئے ہیں، اسی لئے جونہی اقتدار سے محروم اپوزیشن دوبارہ اپنی باری کیلئے جمہوری تحریکوں سے جمہوری حکومت کو برطرف کرنے کا مطالبہ لیکر میدان میں اترتی ہے اور مذاکرات کیلئے انہی افراد کا انتظار کرتی ہے جن پر صبح وشام اٹھتے بیٹھتے الزامات کی بارش کر رہی ہوتی ہے۔

اب تو کچھ عملیت پسند تاجر کھلے عام کہتے ہیں اور بہت سے سوچتے ہیں کہ جیسے روزگاروں میں سب سے افضل تجارت ہے، اسی طرح تجارت میں سب سے منافع بخش کاروبار "سیاست" کا ہے، پیسہ پھینکو، جلدی سمیٹو، پاپڑ والے دیہاڑی دار کھاتے داروں کو بھی علم نہیں ہونے دیا جاتا کہ ان کے نام پر بینک اکاؤنٹس میں اربوں روپے موجود ہیں، ان کا ایمان ہے کہ جس قدر جتنا بھیجو، کم ہے۔ قوم تو ہمارے ساتھ ہے" کی سیاسی، تجارتی تقسیم پر یہ کاروبار چلتا ہے تو رکتا نہیں۔ روکنے کیلئے فوج بلانا پڑتی ہے یا وہ خود ہی تشریف لے آتی ہے۔ رہے عوام، بس جوق درجوق، ووٹ بھگتانا، فوجی انقلاب پر دیگیں چڑھانا، مٹھائیاں بانٹنا، پہلے خوشی اور پھر مہنگائی سے مرجانا یا تحریک جمہوریت میں اپنے لیڈروں کی کروڑوں روپے کی گاڑیوں کے آگے بھنگڑا ڈالنا، زندہ باد کے نعرے لگاتے ہوئے شہید ہوجانا، ان کا سیاسی مقدر ٹھہرتا ہے۔ یہ تو ہوا سیاست وحکومت میں باوردی نجات دہندوں اور سیاسی تاجروں کا حصہ اور اس میں عوام کی شرکت کا 73 سالہ حساب۔ اس حساب سے پیارے پاکستان کی جو کتاب تیار ہوئی ہے اسے کھولو تو ایک سے بڑھ کر ایک عجوبہ پڑھنے کو ملتا ہے۔ حیرت کا وہ وہ ساماں کہ سطر سطر پڑھ کر بے ساختہ منہ سے نکلتا ہے "یہ ہے ہمارا پاکستان"۔

شہروں میں مال وجان انتہائی غیر محفوظ جبکہ دیہات میں جاگیرداری مضبوط، کراچی آپریشن سے قبل، کیا اسلام آباد کیا کراچی، دونوں شہروں میں قیام امن کے عالمی اجارہ داروں کی سفارتی املاک محفوظ تھیں نہ لاہور اور پشاور میں فائیو اسٹار ہوٹلز۔ جاگیردار، سیاستدانوں کا لبادہ اوڑھے، سیاست کے تاجروں اور باوردی نجات دہندوں، ان کی زندہ باد، مردہ باد کرنے والے ابلاغ کاروں نے مل جل کر باہمی اخوت اور کمال مہارت سے اپنے پیارے عوام کیلئے ایسا نظام بدتشکیل دیا کہ ملک کے اعلیٰ ترین افراد کو سات سمندر پار بھاگنے پر مجبور کر دیا، جو بچ گئے انہیں کونے میں لگا دیا گیا، اہلیت اور نااہلیت ماپنے کے پیمانے تبدیل کر دیئے گئے۔ ملکی نظام کو ریاست مدینہ میں تبدیل اور انصاف کی حکمرانی کا دعویٰ کرنے والوں کے دور میں نااہل اور نکھے عرش پر پہنچا دیئے گئے جنہوں نے دنوں میں آٹا، چینی، ادویات اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء کی ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی سے ملک کے خزانے کو اربوں کا ٹیکہ لگا دیا اور اہل وطن فرش پر بٹھا دیئے گئے ہیں۔

وادی پاکستان کی جمہوریت اتیرے راج میں غریبوں کیلئے قصبوں دیہات میں بلافیس بن استاد مع تنخواہ گھوسٹ اسکول (کہ مفت تعلیم کا اس سے بہتر اور کیا انتظام ہو سکتا تھا) اور "معززین وقت" کے بچوں کیلئے پانچ سے پندرہ ہزاری فیس کے اسکول بھی، جہاں خوراک، لباس اور تعلیم وتفریح کو ترستے بچوں کا مستقبل سنوارنے کیلئے سیکڑوں آقا اور ان کی آقائی کو مضبوط بنانے والی فوج تیار کی جارہی ہے۔ پیارے پاکستان میں بڑی بڑی کاروں والوں کیلئے شایان شان موٹروے بھی ہے اور بے کاروں کے ٹھوکریں کھانے کیلئے گویا ہر گلی "ٹھوکروے" ہے۔

اس عجیب وغریب مملکت میں اربوں کی لوٹ مار کر کے بیرون ممالک کے بینکوں میں محفوظ کرنے والے تو اپنے دور حکومت میں این آر او کے طفیل حکومت کے سب سے اعلیٰ عہدوں پر براجمان اقتدار کے مزے لوٹنے اور پاکستانی بینکوں سے کروڑوں کے قرض خور کسی بھی حساب کتاب سے آزاد دبئی، یورپ وامریکا کے محلات میں مقیم اور چار چار پانچ لاکھ کے قرض خواہ بینکنگ کورٹس کے کٹہروں میں خوفزدہ کھڑے ہیں کہ کب ان کے پانچ پانچ مرلے کے مکان بحق سرکار ضبط کئے جاتے ہیں اور کب ان کے ضامن کو ہتھکڑی لگتی ہے۔ اس ملک میں سابقہ حکومت جس کو اپنی لیڈر کے قتل ہوجانے پر ہمدردی کا ایک کثیر ووٹ بینک حاصل ہوگیا تھا، وہ بھی قوم کو لوڈ شیڈنگ اور اندھیرے سے نجات دلانے کے پرفریب نعروں سے اپنے دور اقتدار میں کرائے کے بجلی گھروں کے نام پر ملک کے دو سو ارب روپے کسی سے پوچھے بغیر ملک میں لوٹ مار کا ایک ایٹم بم چلا دیا اور بعد ازاں ملکی عدالتوں سے باعزت بری بھی ہوگئے کہ انہوں نے لوٹتے وقت اس احتیاط کا خاص خیال رکھا کہ کوئی ثبوت ان کے خلاف باقی نہ رہ جائے لیکن پاکستانی قوم آج تک بجلی کے بل عوام پر بجلی بن کر گر رہے ہیں۔ ملکی خزانے سے قرض لیکر یہ بجلی گھر لگانے والوں نے ایسا انتظام وضع کیا کہ وہ آج بھی پاکستانی قوم ان کے پاس گروی ہیں، غریب عوام کا دامن بجلی سے جلا کر خاکستر کر رہے ہیں اور ان کے اپنے بینک بیلنس میں اس بجلی سے ایک تازہ چمک اور روشنی میں بے تحاشہ اضافہ ضرور ہو گیا ہے۔ یہ ہے پاکستان کا حال! جس کا کوئی حساب نہیں۔ یہاں دوجمع دو چار نہیں، اس کا جواب کبھی دس اور کبھی صفر ہوتا ہے۔ اس کا بانی قائداعظم جیسا مخلص اور ایماندار تاریخ ساز ہے اور اس کا قیام اقبال کی دانش کا کمال ہے۔

ہمارے ہاں دیہاتوں کی معمولی پنچائت مختاراں بی بی پر حملہ آور ہونے معصوم بچیوں کو ونی کرنے اور ہمارے سردار کے حکم پر زندہ تسلیم سونگی کو کتوں کے آگے بھنبھوڑنے کیلئے چھوڑ دیئے جانے کے احکام جاری کرنے والے سینیٹ میں کھڑے ہو کر بڑے تفاخر سے اسے اپنی قبائلی روایات کا حصہ قرار دیکر اس کی حمایت میں بودے دلائل دینے میں ذرا بھر ندامت محسوس نہیں کرتے اور ہماری حکومتیں ان کا بال تک بیکا نہیں کر سکیں کیونکہ انہیں اقتدار میں رہنے کیلئے ایسے لٹیروں کی حمایت کی ضرورت ہوتی ہے لیکن دس ایڈوانی، بیس واجپائی، سینکڑوں من موہن سنگھ اور ہزاروں مودی مل کر ڈاکٹر قدیر خان کے پاکستان پر حملہ آور ہونے کا سوچ نہیں سکتے (شکر الحمد اللہ) حالانکہ قوم کے اس محسن کو تو دشمنوں کے حوالے کر دینے کا پروگرام بھی طے پا چکا تھا کیونکہ اس نے ملکی سرزمین سے اپنے بچوں اور بچیوں کو ڈالروں کے عوض دشمنوں کے حوالے کرنے کے اس قبیح فعل کا اپنی کتاب میں خود ذکر کیا اور (قوم کی ایک لائق بیٹی عافیہ صدیقی اس وقت امریکا کی جیل میں اپنی زندگی کے مشکل اور کٹھن ایام اس امید پر گزار رہی ہے کہ ہر سیاسی جماعت نے اقتدار میں آنے سے قبل اس کی رہائی کا وعدہ کیا) لیکن محسن پاکستان اور قوم کو سر اٹھا کر قوت بخشنے والے ڈاکٹر عبدالقدیر بمین اس وقت اس کے اپنے ہی مقرر کردہ وزیراعظم کی بروقت مداخلت سے بچ گئے اور پاکستانی قوم منحوس ذلت سے بچ گئی جبکہ اس نے تو اپنے ہی دور میں زمانہ جاہلیت کو بھی مات دیتے ہوئے ایسا جرم عظیم کرنے میں ذرا بھر شرم محسوس نہیں کی کہ انتہائی شریف النفس افغان سفیر ملا ضعیف کو امریکا کے حوالے کر دیا جبکہ سفارتی عہدے کی بنا پر اس کی حفاظت ہمارے ذمہ تھی اور امریکا اسے برہنہ کر کے گھسیٹتے ہوئے ہماری ہی پاک سرزمین پر پہلے سے کھڑے اپنے جہاز میں بٹھا کر اس غیور قوم کے منہ پر کالک مل کر رخصت ہو گئے کیونکہ قصر سفید کے فرعون کا اتارنی جنرل میڈیا کی موجودگی امریکی عدالت سے کہہ رہا تھا کہ پاکستانی تو دس ہزار ڈالر کے عوض اپنی ماں بھی بیچنے کو تیار ہو جاتے ہیں، اس لئے کہ ہم عجیب قوم ہیں، پاکستان ایک عجیب ملک ہے۔

میرے عزیز پاکستانی بہن بھائیو! ہمیں آزادی کی نعمت ملے ہوئے 74 سال ہوگئے ہیں لیکن پھر بھی ہمارا یہ حال ہے، سوچو! یہ حساب چلے گا؟ نہیں چلے گا۔ کبھی دوجمع دو سے صفر اور کبھی دس نکالنے والا حساب ختم کر کے اس کتاب کو بند کرنا پڑے گا۔ اس معجزاتی ریاست کے قیام کیلئے ہم نے اپنے رب سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم ملنے والے اس پاک ٹکڑے پر قرآن کا نظام نافذ کریں گے اور میرے رب نے رمضان المبارک کی سب سے افضل رات "لیلۃ القدر" کی رات ہمیں یہ خطہ عنایت فرمایا لیکن ہم آج تک "اوفوا بالعہد" کو پورا نہ کر کے اللہ سے بغاوت کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ آؤ مل کر ایک نیا باب تحریر کریں جس میں دو جمع دو کا جواب چار ہی نکلے، پھر ہمارے بچے ایک اور باب رقم کریں گے جو درست ہوگا اور پھر ان کے بچے حساب میں ماہر ہو جائیں گے۔ یہ وقت ہو گا جب ہماری کتاب دنیا پڑھے گی۔ آؤ یہ کتاب رقم کریں، اسے رقم کرنے کیلئے اپنے اللہ سے رہنمائی لیں اور اس سے کیا ہوا وعدہ پورا کریں یعنی قرآن کو من وعن نافذ کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اپنے (ووٹرز) ہی اور ابلاغ کاروں کے تراشے ہوئے بت توڑ دیں۔ آؤ تقویٰ، نیکی، اخلاص، اہلیت اور دیانت ڈھونڈیں اور ڈھونڈ کر اسے عرش پر بٹھائیں اور ظلم، دہشت، ناانصافی اور بدی کے اس نظام کو فرش پردے ماریں کہ نہ صرف پاکستان بلکہ سسکتی انسانیت آپ کے اس فیصلے کی منتظر ہے۔

جاگ جاؤ پاکستانیو! اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ اللہ اکبر اللہ اکبر واللہ الحمد!!!!

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

اور پولیس شہریوں کی محافظ ہوتی ہے، تحریک انصاف نے خیبر پختون خوا میں پولیس کو تبدیل کیا، چاہتا ہوں قوم پولیس کو پسند کرے۔ بدھ کو اسلام آباد پولیس لائنز میں پاسنگ آوٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے پولیس میں پاس آوٹ ہونے والے نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں اس لیے یہاں خاص طور پر یہاں آیا ہوں کہ پاکستان کی پولیس کو ایک پیغام دوں کہ جب تک ایک قوم کی جان اور مال کی حفاظت نہیں ہوتی، وہ قوم ترقی نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جو سرحدوں پر پاکستان کے جان و مال کی حفاظت کرتی ہے، وہ پاکستان کی فوج ہے اور جو ملک کے اندر سکیورٹی دیتی ہے اور شہر میں سرمایہ کار، کاروباری شخص اور شہری کی حفاظت پولیس کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ دنیا کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں کہ جب تک قانون کی عملداری نہیں ہوتی اور لوگوں کے لیے سکیورٹی نہیں ہوتی، اس وقت تک قوم کی خوشحالی نہیں آتی، اس لیے پولیس کا معاشرے میں انتہائی اہم مقام ہوتا ہے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں پولیس کا وہ مقام نہیں ہوا جس کے پیچھے ایک تاریخ ہے۔

شال بقیہ 2

جائیں محکمہ مال میں موجود عملہ اس بات کو یقینی بنائے کہ حاصل ہونے والے محاصل قومی خزانے میں جمع بھی کرنے سے متعلق ٹیکنالوجی پر مبنی طریقہ کار وضع کیا جائے۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان لینڈ ریونیو مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ مذکورہ پراجیکٹ صوبہ پنجاب کی طرز پر ترتیب دیا گیا ہے جس میں لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹائزنگ، ٹیکس کی کنٹرول، لینڈ ریکارڈ تک آسان رسائی، عوامی فلاح و بہبود کیلئے بہتر لینڈ پلاننگ، سکیننگ اور انڈیکسنگ ماڈیول، ڈیٹا انٹری ماڈیول، مرکز سہولت، ای سٹیمپنگ ماڈیول، انٹرپرائز ویب سائٹ، موبائل ایپ، فیڈ بیک ماڈیول، اینٹی کرپشن سسٹم شروع کرنے اور صوبے میں نئے ڈویژنز اور اضلاع کے قیام سے متعلق سمیت عشر آبیانہ اور دیگر امور کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔

شال بقیہ 3

کے جاری کردہ بیان کے مطابق ایل او سی کے جندروٹ اور ہاٹ اسپرنگ سیکٹر میں بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ کے نتیجے میں گرڈ جنوبی گاؤں کی رہائشی 50 سالہ خدیجہ شہید ہوگئی تھیں۔ ان کے علاوہ اسی گاؤں کے رہائشی 16 سالہ ثمرہ، برموچ گاؤں کی 18 سالہ انیلا کوثر اور تاتون گاؤں کا 4 سالہ محمد سیماب فائرنگ کے باعث شدید زخمی ہوگئے تھے۔ سینئر بھارتی سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے احتجاجی مراسلہ ان کے حوالے کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ قابض بھارتی افواج ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری کی مسلسل خلاف ورزیاں کرتے ہوئے آرٹلری، بھاری اور خودکار ہتھیاروں کے ذریعے عام شہری آبادیوں کو نشانہ بنا رہی ہیں۔ احتجاجی مراسلے میں کہا گیا کہ شہری آبادیوں کو دانستہ نشانہ بنانا انتہائی قابل افسوس، انسانی عظمت ووقار، عالمی انسانی حقوق اور بین الاقوامی انسانی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ بھارت کی جانب سے جنگ بندی کی ان خلاف ورزیوں سے علاقائی امن وسلامتی کو سنگین خطرات لاحق ہیں جس کا نتیجہ اسٹریٹجک غلطی کی صورت نکل سکتا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق بھارت نے رواں سال کے دوران 3 ہزار 12 مرتبہ جنگ بندی کی بلا اشتعال خلاف ورزیاں کی ہیں جن میں 28 بے گناہ شہری شہید اور 253 زخمی ہوئے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ایل او سی پر کشیدگی میں اضافے سے بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور مظالم سے عالمی توجہ ہٹا نہیں سکتا۔ بھارت پر زور دیا گیا کہ وہ 2003 کے جنگ بندی معاہدے کی پاسداری کرے، جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کے ان واقعات کی تحقیقات کروائے اور بھارتی فوج کو جنگ بندی کے احترام کا حکم دے۔ اس کے ساتھ ساتھ پڑوسی ملک سے مطالبہ کیا گیا کہ ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر اس کی روح کے مطابق امن برقرار رکھے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق بھارت، اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کو اپنا کردار ادا کرنے کی اجازت دے۔

شال بقیہ 4

مریض اس بیماری سے شفایاب ہو گئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 9 ہزار 557 ہوگئی، جبکہ کل مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 62 ہزار 814 ہو چکی ہے۔ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے مزید 35 ہزار 621 ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ اب تک کل 64 لاکھ 6 ہزار 281 ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے ملک بھر میں کل 37 ہزار 905 مریض اسپتالوں، قرنطینہ مراکز اور گھروں میں آئسولیشن میں ہیں، اسپتالوں میں کورونا وائرس کے 2 ہزار 931 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 2 ہزار 419 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، جبکہ 4 لاکھ 15 ہزار 352 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ کورونا سے انتقال کرنے والے 83 میں سے 71 مریض اسپتالوں میں داخل تھے جن میں سے 47 وینٹی لیٹرز پر تھے۔ ملک بھر میں کورونا کے لیے دستیاب وینٹی لیٹرز میں سے 319 زیر استعمال ہیں، جن میں ملتان میں 55 فیصد، لاہور میں 34 فیصد، اسلام آباد میں 33 فیصد اور پشاور میں 25 فیصد زیر استعمال ہیں۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دوسرے صوبوں سے زیادہ 2 لاکھ 6 ہزار 489 ہو چکی ہے، جبکہ کل اموات 3 ہزار 379 ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 1 لاکھ 33 ہزار 179 مریض سامنے آئے ہیں جبکہ کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے بڑھ کر 3 ہزار 732 ہو گئیں۔ خیبر پختون خوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 55 ہزار 811 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے کل اموات 1 ہزار 563 ہو گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 36 ہزار 483 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، جبکہ اب تک کل 394 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں 17 ہزار 980 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 179 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ آزاد جموں وکشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 8 ہزار 40 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ اس کے باعث اب تک کل 211 مریض وفات پا چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں 4 ہزار 832 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں جبکہ اس سے 99 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 5

ریلیشنز نے اخباری مالکان کو اخبارات میں قرآنی آیات کی اشاعت سے منع کرنے کے حوالے سے خط لکھ دیا ہے جبکہ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ڈی جی پی آر اس حوالے سے باقاعدگی سے اخبارات کی مانیٹرنگ کریں گے درخواست گزار کے وکیل کا ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے بیان پر اطمینان کا اظہار کیا عدالت نے فیصلہ سنایا کہ ڈی جی پی آر تمام اخبارات اور میگزین کو نوٹسز جاری کریں کہ وہ اپنے اخبارات میں قرآن مجید کی آیات اور حدیث شریف شائع نہ کریں بلکہ ہدایت کی کہ ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ اخبارات کی مانیٹرنگ کریں بعد ازاں عدالت نے اخبارات میں قرآنی آیات کی اشاعت سے متعلق آئینی درخواست نمٹا دی۔

شال بقیہ 6

پیش کریں تاکہ حقیقی الیکشن کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم سے ملکی ترقی ہضم نہیں ہو رہی اور یہ تحریک درحقیقت ملکی ترقی کے خلاف ہے۔

شال بقیہ 7

میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ جو کہ صوبائی حکومت، جامعہ بلوچستان، یو این ڈی پی کے مشترکہ تعاون اور اشتراک عمل سے بعنوان "گرینڈ فائنل چیلنج کپ 2020" منعقد کیا گیا۔ جس میں کمشنر کوئٹہ اسفندیار کاکڑ، ڈاکٹر وحید نور، حمید خان جمالدینی، اساتذہ اور طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ جس میں مختلف گروپس نے اپنے پروجیکٹ ملٹی میڈیا کے زریعے پیش کئے۔ جو کاروباری زرائع کی دریافت، روزگار کے حصول، آئی ٹی شعبہ کی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کے زریعے سے استفادہ، آن لائن شاپنگ سمیت مختلف پروجیکٹ شامل ہیں۔ مہمان خصوصی نے کہا کہ نوجوان نسل ہمارے مستقبل کا سرمایہ ہیں اور انہیں بہتر موقع مہیا کرنا انتہائی ضروری ہے اور انہوں نے جس طرح اپنی بنائی گئی پروجیکٹس پیش کیے وہ انتہائی اہمیت کا حامل ہیں۔

شال بقیہ 8

کیلئے کردار قابل تعریف ہے، عالمی برادری کی طرح پاکستان بھی منشیات کی لعنت سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے اپنی پوری کوشش کر رہا ہے۔ وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے جرمی ملسیم سے وزارت انسداد منشیات میں خصوصی ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے یو این او ڈی سی کے قومی نمائندے کا خیر مقدم کیا۔ وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے کہا کہ یو این او ڈی سی کا منشیات کے خاتمے کے لیے کردار قابل تعریف ہے۔ عالمی برادری کی طرح پاکستان بھی منشیات کی لعنت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے اپنی پوری کوشش کر رہا ہے۔

شال بقیہ 9

چلانے پر غور کیا گیا۔ وزیر اعظم کو بریفنگ دی گئی کہ ان تینوں ممالک کے سربراہان نے اس پراجیکٹ کی منظوری دے دی ہے، ورلڈ بنک نے 8.4 بلین ڈالر اس پراجیکٹ کی منظوری کے لئے جوائنٹ اپیل لیٹر لکھے گئے، اس ٹریک کی لمبائی 573 کلو میٹر ہے اور یہ ٹریک جو کہ مزار شریف، کابل بذریعہ پشاور تک شامل ہے۔ اس کے علاوہ ایم ایل ون پراجیکٹ افغانستان، ازبکستان کے صدور نے پہلے ہی اس پراجیکٹ کی منظوری دے چکے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ڈپٹی پرائم منسٹر ازبکستان اگلے ہفتے دورہ پاکستان میں باہمی مفاہمتی یادداشت کی تقریب میں شرکت کریں گے اور اس پراجیکٹ کے ذریعے تینوں ایشیائی ممالک کو باہمی بذریعہ ریل منسلک کریں گے۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ یہ منصوبہ خوش کن ہے متعلقہ حکام مستقبل میں مزید رابطے بڑھانے کیلئے اس میں مختلف ممالک کو شمولیت کا بھی فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اس سے پاکستان کی بندرگاہوں اور اقتصادی سرگرمیاں بھی بڑھے گی جس سے پاکستان کی تجارت مزید مستحکم ہوگی۔

شال بقیہ 10

لئے گئے۔ شفقت فیاض کا کہنا ہے کہ تمام کانکن محفوظ ہیں اس سے قبل ایک پولیس افسر افتخار احمد نے بتایا کہ کوئلے کی کان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی کوئلہ کان میں آگ لگنے کے باعث چھ مزدور کان کے اندر پھنس گئے کوئٹہ سے ریسکیو ٹیم ہیلی کاپٹر کے ذریعے جبکہ دکی سے براستہ روڈ دو مختلف ٹیمیں جائے حادثہ پہنچی۔ کوئٹہ سے پہنچنے والی ٹیم میں انسپکٹر عاطف، اور انسپکٹر ذیشان شامل تھے ٹیموں نے ریسکیو کا کام شروع کردیا ہے۔ مقامی طور ریسکیو کا عمل جاری ہے۔ ریسکیو عملے کے ہمراہ پی ڈی ایم اے کے اہلکار بھی ہیں۔ ریسکیو کے دوران دو مقامی مزدور بھی زہریلی گیس کی وجہ سے بے ہوش ہوئے ہیں جنکو ابتدائی طبی علاج دے دی گئی ہے۔ کوئلہ کان کے اندر پھنسنے والے مزدوروں میں مسلم شاہ ولد محمد نواب، محمد زمان ولد آشیر خان، عبدالعزیز ولد گل زادہ، صدیق اللہ ولد نورالحق، روزی خان ولد ولی خان قوم ناصر ساکن لورالائی رحیم اللہ ولد بختوار شامل ہیں۔ پانچ کانکنوں کا تعلق اپر دیر خیبر پختونخواہ سے ہے۔

شال بقیہ 11

لئے گئے۔ شفقت فیاض کا کہنا ہے کہ تمام کانکن محفوظ ہیں اس سے قبل ایک پولیس افسر افتخار احمد نے بتایا کہ کوئلے کی کان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی کوئلہ کان میں آگ لگنے کے باعث چھ مزدور کان کے اندر پھنس گئے کوئٹہ سے ریسکیو ٹیم ہیلی کاپٹر کے ذریعے جبکہ دکی سے براستہ روڈ دو مختلف ٹیمیں جائے حادثہ پہنچی۔ کوئٹہ سے پہنچنے والی ٹیم میں انسپکٹر عاطف، اور انسپکٹر ذیشان شامل تھے ٹیموں نے ریسکیو کا کام شروع کردیا ہے۔

شال بقیہ 12

کے حوالہ سے قوانین کے نفاذ اور عملی اطلاق کا ہے، خواتین کے حوالہ سے آئینی تقاضوں اور قوانین پر عملدرآمد ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں ایوان صدر میں خواتین کو قانونی، اقتصادی اور معاشرتی لحاظ سے بااختیار بنانے کے گرینڈ قومی مکالمہ کے آغاز پر خصوصی کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے اپنے خطاب میں کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ خواتین کے خلاف صنفی بنیادوں پر تفریق کے خاتمہ اور انہیں سماجی، قانونی اور اقتصادی لحاظ سے بااختیار بنانا معاشرے کیلئے اہمیت کا حامل ہے، آئین میں خواتین کے حقوق کے حوالہ سے کوئی ابہام نہیں ہے، آئین کے آرٹیکل 35 میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ پاکستان کے تمام شہریوں کے حقوق برابر ہیں، آئین کے تحت شہریوں کے حقوق کیلئے خصوصی اقدامات بھی کیے جا سکتے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ بھی حقیقت ہے کہ کئی قوانین موجود تو ہوتے ہیں تاہم ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا اور نہ ہی ان کا عملی اطلاق ہوتا ہے، آج کا یہ قومی مکالمہ اس غرض سے شروع کیا گیا ہے کہ اس اہم ایشو پر مثبت اور تعمیری قومی مکالمہ کا آغاز ہوگا۔

شال بقیہ 13

کی ٹیم اخلاص پر یقین رکھتی ہے بحیثیت مسلمان بہتر کارکردگی اور عوامی خدمت سے سرشار رہنماؤں کو اللہ تعالی کی نصرت و مدد حاصل ہوتی ہے اور عوام بھی اب منفی پروپیگنڈوں کو خاطر میں نہیں لاتے عوام کا بھرپور تعاون موجودہ حکومت کو حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ پی ڈی ایم اے کے جلسے ناکام جا رہے ہیں پی ڈی ایم اے میں شامل تمام جماعتیں ہر ناکام جلسے کے بعد ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے کیوں کے عوام اب باشعور ہو چکے ہیں بد عنوان اور نااہل رہنماؤں میں انہیں واضح فرق نظر آرہا ہے جب ہی تو وہ منفی پروپیگنڈوں پر توجہ نہیں دے رہے موجودہ حکومت کی کامیابی یہی ہے کہ اس نے اپنے کارکردگی کی بنیاد پر عوام میں پذیرائی حاصل کی ہے جس سے حزب اختلاف کو شدید دھچکا لگ چکا ہے اس موقع پر انہوں نے وفد کے مسائل سنے اور ان کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 14

میڈیا سپورٹس یوتھ کوریج ایسوسی ایشن (MSYCA) کے صدر سید طیب شاہ کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں کیا، وفد میں مختلف نیوز چینلز اور اخبارات کے نمائندگان موجود تھے، جن میں ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شبیر لودھی، نائب صدر شہزاد شاہ، ارشد یوسفزئی، محمد غضنفر، بابر خان، محمد ارشاد، سید شاہ زیب شاہ و دیگر شامل تھے، سیکرٹری کھیل کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان میں میڈیا کے زریعے سپورٹس کو فروغ ملے گا، نئے نوجوانوں سپورٹس میں دلچسپی لیں گے اور کھیل ترقی کرے گا، کوئٹہ کے علاوہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ہونے والے مقابلوں کو بھی کوریج ملنی چاہئے جس سے بلوچستان کے دیگر علاقوں کے نوجوانوں کا ٹیلنٹ سامنے آئے گا، مارچ میں بلوچستان ٹیلنٹ ہنٹ کا آغاز کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 15

ین منصوبہ ہے۔ ملاقات کے دوران وزیر ریلوے کے اسپیشل اسسٹنٹ غلام دستگیر بلوچ اور دو دیگر اعلی افسران بھی موجود تھے۔ وزیر ریلوے نے بتایا کہ پاکستان ریلوے کا مستقبل ایم ایل ون منصوبے سے جڑا ہوا ہے۔ ایم ایل ون منصوبے سے ڈیڑھ لاکھ افراد کو بلواسطہ اور بلا واسطہ روزگار کے مواقع فراہم ہونگے۔ جس سے ٹرین کی رفتار 160 کلومیٹر فی گھنٹہ ہو جائے گی۔ لاہور تا کراچی کا سفر دورانیہ صرف 8 گھنٹے ہوگا اور جبکہ راولپنڈی اور لاہور صرف اڑھائی گھنٹے۔ ملتان اور لاہور 2 گھنٹے۔ کراچی اور راولپنڈی دس گھنٹے رہ جائے گا۔ ٹریک کے دونوں طرف فینسنگ ہوگی۔ تمام پھاٹکوں کا خاتمہ ہوجائیگا۔ ایم ایل ون کیساتھ ساتھ ایم ایل ٹو اور کوئٹہ گوادر پر بھی کام کریں گے۔ ہماری ریل پورے ملک کو جوڑے گی۔ گوادر پورٹ کو نئی زندگی دے گی۔

شال بقیہ 16

کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ این سی او سی نے کہا کہ ان اقدامات سے پاکستان میں کورونا وائرس کی ویکسین کی دستیابی کے لیے حتمی فیصلہ ہو سکے گا۔

شال بقیہ 17

آمیز توہین آمیز سلوک کے برابر تھے۔ فیصلے میں کہا گیا تھا کہ پروگرام ممکنہ طور پر ٹاگور X اور براڈکاسٹرز کوڈ کے خلاف بھی تھا۔ آف کام نے فیصلے میں کہا تھا کہ ان خلاف ورزیوں کی سنگین نوعیت کی وجہ سے ہم ایک قانونی پابندی عائد کرنے پر غور کر رہے ہیں۔ فیصلے میں اس پروگرام کی تحریری نقول شامل تھیں، جو 6 ستمبر، 2019 کو نشر کیا گیا تھا۔ شو میں دیگر چیزوں کے ساتھ بھارت کے خلائی پروگرام، مسئلہ کشمیر اور بھارتی اہداف کے خلاف دہشت گرد سرگرمیوں میں پاکستان کی مبینہ مداخلت پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔

شال بقیہ 18

خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مشترکہ کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان اور افغانستان کی نامور شخصیات بھی شریک تھیں۔ دوطرفہ تعلقات کو بڑھانا، لوگوں کو آپس میں جوڑنا، قیام امن اور پاکستان اور افغانستان کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے سمیت متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر اسد قیصر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام مذہب، نسل ثقافت اور تاریخ کے لازوال رشتوں میں جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرامن افغانستان پاکستان کے وسیع تر مفاد میں ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹری، معاشی اور عوامی تعلقات کو فروغ دینے کے لئے دونوں ممالک کی سیاسی قیادت کے عزم کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں تمام سیاسی جماعتوں پر مشتمل پارلیمنٹری دوستی گروپ دونوں ممالک کو مزید قریب لانے کی ضرورت کے تحت قائم کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 19

جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سلیم مانڈوی والا کی طرف سے نیب کے بارے میں بے بنیاد الزامات کا جواب آئین اور قانون کے تمام تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب وقت پر دیا جائے گا۔

شال بقیہ 20

ٹیکس وصول کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکس وصولی سی ڈی اے کا اختیار نہیں بلکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن وصول کرے۔ عدالت نے سی ڈی اے کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس وصولی غیر قانونی قرار دیتے ہوئے 2015ء کے بعد سے سی ڈی اے کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس سے وصول شدہ رقم کا آڈٹ کرانے کا حکم دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے کو پراپرٹی ٹیکس کی رقم لوکل گورنمنٹ فنڈ میں منتقل کرنے کا حکم دیتے ہوئے پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کے خلاف درخواستیں منظور کرلیں۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی سمیت دیگر شہریوں نے پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

شال بقیہ 21

سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، مقامی وسائل سے توانائی کی پیداوار سے سستی بجلی میسر ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں غیرملکی کمپنیوں سے ٹیکنالوجی کی منتقلی کو بڑھانے کو ترجیح دی جائے گی، قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کی تکمیل مسابقتی بولی کے ذریعے کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں سرمایہ کار کو فروغ دینے کیلئے شفافیت کو یقینی بنایا جائیگا توانائی منصوبوں سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ناروے کے سفیر نے کہا کہ ناروے پاکستان کی قابل تجدید توانائی کے شعبے میں تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی قابل تجدید پالیسی قابل ستائش ہے۔

شال بقیہ 22

ہیں، کورونا وائرس کی ویکسین میں غیر حلال اجزاء ہیں تو متبادل نہ ہونے پر اس کے ہی استعمال کی اجازت ہے۔ فتوی کونسل نے کہا کہ کورونا ویکسین مہلک مرض سے انسان کو بچانے کیلئے ہے، طبی ماہرین ہی ویکسین کے اثرات کا اندازہ لگانے کے مجاز ہیں، ویکسین مہم کو کامیاب بنانے میں تعاون کریں۔ واضح رہے کہ اماراتی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ کورونا وائرس ویکسین کے حوالے سے ملائشیا کے وزیر مذہبی امور نے اماراتی فتوی کونسل سے مشاورت کی درخواست کی تھی۔ دوسری جانب دنیا بھر میں کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 7 کروڑ 83 لاکھ 76 ہزار 844 تک جا پہنچی ہے جبکہ اس موذی وائرس سے ہلاکتیں 17 لاکھ 24 ہزار 325 ہوگئیں۔

شال بقیہ 23

میجر جنرل ریٹائرڈ عامر عظیم باجوہ بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ٹیلی کام کمپنیوں کے نمائندوں بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر امین الحق نے کہا کہ وزارت آئی ٹی ملک میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کا مقابلہ کرنے کیلئے آئی ٹی بڑا اہم کردار ہے، ہم نے کورونا کی دوسری لہر کو ٹیکنالوجی کی مدد سے نمٹنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے بہتر انداز میں آن لائن تعلیم کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کام انڈسٹری کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے گا، سیلولر موبائل آپریٹرز کے تمام مسائل حل کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کام کمپنیاں سٹوڈنٹس اور عام لوگوں کے لیے اسپیشل بنڈل کی آفر دیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کی دوسری لہر کو نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 24

اور وہ حکومت کرتا تھا تو یہاں پولیس کا رویہ مختلف تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ قوم ہماری پولیس کو پسند کرے، اپنا سمجھے، ان سے پیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ جب 2013 میں پختونخوا میں ہماری حکومت آئی تو سب سے زیادہ دہشت گردی پختونخوا پولیس کے خلاف تھی، 500 سے اوپر پولیس اہلکار شہید ہو چکے تھے اور پولیس کا مورال بیٹھ چکا تھا لیکن وہاں کی پولیس ہمارے دیکھتے دیکھتے جس طرح تبدیل ہوئی، جس طرح سے انہوں نے دہشت گردی کا مقابلہ کیا۔

شال بقیہ 25

لائٹس بند ہونے سے سرشام تاریکی چھا جاتی ہے اور پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے اور غریب لوگ مہنگے داموں پانی خرید کر گزارہ کر رہے ہیں اور انہوں نے کہا کہ گیس اور بجلی کے بحران نے غریب عوام کو شدید پریشان کر دیا ہے جبکہ کاروباری طبقہ نان شبینہ کا محتاج ہوگیا اور انہوں نے مطالبہ کیا کہ گیس اور بجلی کے بحران پر قابو پایا جائے اور عوام مہنگائی بیروزگاری، لاقانونیت کے جال میں پھنس ہوئی ہے حکومت کو سنجیدہ اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 26

خان کریمہ بلوچ کے قتل کا معاملہ کینیڈا کے وزیراعظم کے ساتھ اٹھائیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کریمہ بلوچ کے قتل کا معاملہ کینیڈا کے وزیراعظم کے ساتھ اٹھائیں تاکہ کریمہ بلوچ کی المناک موت کے ذمہ داروں کو بے نقاب کیا جاسکے۔

شال بقیہ 27

اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جسکے باعث لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3.3 ریکارڈ کی گئی زلزلے کی گہرائی 35 کلومیٹر تھی تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

شال بقیہ 28

اپنے پاوں پر خود کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے اگر ہم نے اسرائیل کو بحیثیت ریاست تسلیم کرلیا تو ہم کشمیر سے دستبردار ہو جائیں گے۔ کیوں کہ پھر کوئی بھی ہمیں مضبوط موقف پیش کرنے نہیں دیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے انڈیپنڈنٹ اردو سے بات چیت کرتے ہوئے کیا مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ اسرائیل کے تسلیم کرنے کے حق میں اگر کوئی بیان دیتا ہے تو اس کی سیاسی وجوہات ہو سکتی ہیں، لیکن کوئی بھی پاکستانی اس موقف کا حامی نہیں ہے ان کے بقول اگر ہم نے اسرائیل کو بحیثیت ریاست تسلیم کرلیا تو ہم کشمیر سے دستبردار ہو جائیں گے۔ کیوں کہ پھر کوئی بھی ہمیں مضبوط موقف پیش کرنے نہیں دے گا۔ مولانا ہاشمی نے بتایا کہ مولانا محمد شیرانی جو بھی موقف اختیار کریں یہ ان کا حق ہے، لیکن عالمی سیاست کا ادراک رکھنے والوں کو اس بارے میں احتیاط کرنا چاہیے۔

شال بقیہ 29

ساخت کا کریکر بم پھینک کر فرار ہوئے، کریکر بم صحن میں گر کر زوردار دھماکے کے بعد پھٹ گیا ہے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اللہ آباد کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار افراد نے ایکسین بی اینڈ آر روڈ حبیب الرحمن کے رہائش گاہ پر کریکر پھینک کر فرار ہو گئے جو صحن میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقع کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی، ایس ایس پی سبی، پولیس اور ایف سی کے جوان جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لیا اور جائے وقوعہ کا معائنہ کیا جبکہ بم ڈسپوزل عملہ نے شواہد اکٹھے کئے ہیں بم ڈسپوزل عملہ کے مطابق کریکر دھماکہ دیسی ساخت کا تھا مزید تحقیقات جاری ہے۔

شال بقیہ 30

لئے ریفرنس سپریم کورٹ بھجوانے کی منظوری دیدی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے آئین کے آرٹیکل 186 کے تحت سپریم کورٹ میں ریفرنس بھجوانے کی وزیر اعظم کی تجویز کی منظوری دے دی اور ریفرنس پر دستخط کر دیئے۔ وزیر اعظم کی تجویز پر سینیٹ کے الیکشن اوپن بیلٹ/شو آف ہینڈز کے ذریعے کرانے کے عوامی اہمیت کے معاملے پر صدر نے سپریم کورٹ کی رائے مانگی ہے۔ ریفرنس میں آئین میں ترمیم کے بغیر الیکشن ایکٹ 2017ء کے سیکشن (6)122 میں ترمیم کرنے پر سپریم کورٹ کی رائے مانگی گئی ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی کابینہ اس معاملے پر 15 دسمبر کو سپریم کورٹ سے رائے لینے کی منظوری دے چکی ہے۔

شال بقیہ 31

دھمکیوں سے قوم کا وقت ضائع نہ کرے، عملی اقدام اٹھائے۔ لانگ مارچ کے بعد مہنگائی مارچ کا اعلان اگلے سکڑتے اور سُکڑتے ایجنڈے کا ثبوت ہے۔ اپنے ٹویٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ (ن) لیگی قیادت استعفوں کی دھمکیوں سے قوم کا وقت ضائع نہ کرے، عملی اقدام اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ مینار پاکستان کے فلاپ شو کے بعد اپوزیشن کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کے بعد مہنگائی مارچ کا اعلان اگلے سکڑتے اور سُکڑتے ایجنڈے کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے پاس کہنے اور کرنے کے لئے کچھ باقی نہیں۔

شال بقیہ 32

سربراہ محمود خان اچکزئی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور محمود خان اچکزئی کے درمیان ہونیوالے ٹیلی فونک رابطے میں ملکی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلاول بھٹو نے محمود خان اچکزئی سے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے اہداف پر گفتگو کی۔ محمود خان اچکزئی کو شہید بے نظیر بھٹو کے یوم شہادت پر گڑھی خدا بخش میں ہونے والے جلسے میں شرکت کی بھی دعوت دی۔

شال بقیہ 33

امن وسطی ایشیا کے ساتھ رابطے کیلئے بہت ضروری ہے، پاکستان اور افغانستان مشترکہ مفادات رکھتے ہیں، پاکستان، افغانستان کو معاشی طور پر مضبوط دیکھنا چاہتا ہے، پاکستان اقتصادی سلامتی پر کام کر رہا ہے۔ بدھ کو معاون خصوصی قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف کی زیر صدارت پاک افغان ٹریک ٹو مذاکرات کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں افغانستان میں امن عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر معید یوسف نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے مابین مربوط معیشت ہونی چاہیئے۔

شال بقیہ 34

ایجوکیشن، عرفان احمد آئیسکو اور محمد معروف کے سسر تھے۔ انہیں سی ڈی اے پارک انکلیو سے ملحقہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی 154 کوہین اسٹریٹ گریز ایونیو پارک روڈ اسلام آباد میں جاری ہے۔ رسم سوم 24 دسمبر جمعرات کو بعد نماز ظہر رہائش گاہ پر ادا کی جائے گی۔

شال بقیہ 35

قطری میڈیا کسی بھی حکمتِ عملی کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک ناقابل وضاحت عجیب اور مشکل صورت حال ہے۔ تاہم انور قرقاش نے یہ وضاحت نہیں کی ہے کہ وہ کس میڈیا کی بات کر رہے تھے تاہم ان کے اس بیان سے ایک روز قبل ہی قطر کے سرکاری فنڈز سے چلنے والے الجزیرہ چینل نے کہا تھا کہ اس سے وابستہ بعض صحافیوں کے فون ہیک کیے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 36

کا بھی ذکر کیا تھا۔ اعلامیہ کے مطابق کینیڈا میں پاکستان ہائی کمیشن نے بھی کریمہ بلوچ کے لواحقین سے اظہار افسوس کیا، پاکستانی ہائی کمیشن نے کریمہ بلوچ کی ہلاکت پر کینیڈین حکام سے رابطہ کیا تھا۔ اعلامیہ کے مطابق کریمہ بلوچ کی موت کی وجوہات جاننے کے لئے رابطہ کیا گیا تھا۔

شال بقیہ 37

عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ فوج لیویز اور پولیس نے بلوچستان میں مل کر عوام کے تحفظ اور ملک کے سرحدوں کی ہمیشہ حفاظت اپنے خون سے کی ہے ہمارے افواج لیویز اور پولیس نے ہمیشہ ملک اور امن دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا ہے چند مٹھی بھر دہشت گردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دیں گے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی انہوں نے کہا کہ بھارت کے اشاروں پر ملک اور صوبے کے محب وطن عوام کے قسمت کے فیصلوں کا کسی کو کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

شال بقیہ 38

ساتھ کمپلائنس رپورٹ کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں اختر حسین لانگو، نصراللہ خان زیرے، ملک نصیر شاہوانی، زابد علی ریکی، ثناء اللہ بلوچ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ احمد رضا، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ (لوکل کونسلز) محکمہ قانون، محکمہ خزانہ، پی اینڈ ڈی، لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں اور میونسپل آفیسران نے شرکت کی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین اختر حسین لانگو نے کہا کہ میونسپل کمیٹیز کو سول ورکس میں مشکوک اخراجات کو ریگولرائز کرنے کے لئے وقت دیا گیا اس کے باوجود اب تک اخراجات ریگولرائز نہیں کئے گئے کمیٹی مشکوک اخراجات کو ریگولرائز کرنے کے لئے محکمے کو ایک ماہ کا مزید وقت دے رہی ہے۔

شال بقیہ 39

سنجاوی کیلئے پولی ٹیکنک کالج سنجاوی کے تعمیر کیلئے کروڑوں روپوں کا ٹینڈر جاری ہو چکا ہے جبکہ گرلز انٹر کالج سنجاوی کی تعمیر کا ٹینڈر بھی جلد ہونے والا ہے حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا اسکے علاوہ وفاقی پی ایس ڈی پی کے منظور شدہ ہرنائی وزیارت کے ترقیاتی منصوبوں پر جلد عمل درآمد شروع ہوگا عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انہیں کبھی مایوس نہیں کریں گے اپنے دور اقتدار میں ہرنائی، زیارت کو ماڈل اضلاع بنا کر دم لونگا اپنے عوام سے بھی بلند و بانگ دعوے نہیں بلکہ عملی کام کیا ہے اور کر رہا ہوں بلوچستان حکومت نے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا اپوزیشن جماعتیں اسمبلیوں سے استعفی نہیں دیں گے 31 جنوری بھی گزر جائے گا نہ ہی حکومت ختم ہوگی اور نہ ہی اپوزیشن اسمبلیوں سے مستعفی ہوں گے یہ صرف شوشا اور حکومت پر دباؤ ڈالنے اور این آر او حاصل کرنے کی کوشش ہے قومی دولت لوٹنے والوں کو این آر او نہیں ملے گا قومی دولت لوٹنے والے جلد جیل کے سلاخوں کے پیچھے ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں ملک میں انتشار پھیلانے کی سیاست کر رہے ہیں دراصل اپوزیشن غیروں کے ایجنڈے پر کام کر کے ملک خصوصاً بلوچستان کی ترقی اور سی پیک کے منصوبے میں روڑے اٹکانے کی ناکام کوششیں کر رہے ہیں جنہیں کبھی بھی اپنے مذموم عزائم میں کامیابی نہیں ملے گا۔

شال بقیہ 40

کو آگے بڑھائیں۔ یہ بات انہوں نے بی ایس او کی سابق چیئرپرسن بانک کریمہ بلوچ کی کینیڈا میں پراسرار ہلاکت کیخلاف بلوچ یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر بی این پی کی رکن صوبائی اسمبلی شکیلہ نوید دہوار، مرکزی شفقت لانگو، ضلعی رہنما حاجی رحیم ترین ودیگر نے ریلی اور مظاہرے میں شرکت کر کے بلوچ یکجہتی کمیٹی سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 41

نوٹس لیتے ہوئے سنٹر انچارج کو طلب کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے انچارج سنٹر محمد نواز کو حراست میں لے لیا۔

شال بقیہ 42

میں گیس پریشر بہتر ہونے کے امکانات روشن ہوگئے ہیں بیان میں کہا گیا کہ گیس ایک وفاقی معاملہ ہے جس کیلئے پارٹی گزشتہ کئی سالوں سے اسلام آباد اور سوئی گیس کمپنی کے ہیڈکوارٹرز سے رابطے میں تھی پارٹی کو اپنے عوام اور حلقہ انتخاب کے رہائشیوں کے مشکلات اور مسائل کے بارے میں بخوبی آگاہی حاصل ہے مگر صوبے کے اختیارات سے باہر ہونے کی بنا پر کچھ وقت لگا جسکی وجہ سے عوام کو زیادہ تکالیف برداشت کرنا پڑی۔

شال بقیہ 43

کی جا سکی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیو کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کے موقع پر شرکا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا منعقدہ ہوا اجلاس میں نیشنل اسٹاپ آفیسر پولیو ڈاکٹر شفیع دانش اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ اسسٹنٹ کمشنر نال منیر احمد سومرو ڈی ای او ایجوکیشن خضدار محمد مجید بھٹی ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر نصرت بلوچ اے ڈی ایچ او ہیلتھ ڈاکٹر ریاض کریم ڈاکٹر عصمت اللہ محمد حسنی ایس ڈی او بی اینڈ آر انجینئر لیاقت علی ہاشم جنگلات خضدار اویس اکبر زہری زراعت آفیسر محمد خان زہری آئی ٹی آفیسر سلطان احمد باجوئی ڈی ایس پی سکندر جمالی انجینئر ارشاد محمد مرادگزوزئی عبدالسلام زہری ودیگر ضلعی و انتظامی آفسران نے شرکت کی اجلاس کو نیشنل اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر شفیع دانش نے 11 جنوری سے 15 جنوری تک شروع ہونے والے اور گزشتہ پولیو مہم کے بارے میں بریفنگ دی اور بتایا شروع ہونے والے پولیو مہم کی تمام تیاریاں مکمل اور ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

شال بقیہ 44

مگر اثر رسوخ وجان پہچان والے افراد جب چاہتیں انہیں ٹوکن جاری کر کے فارم جمع کئے جاتے ہیں جس سے عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی سماجی حلقوں نے نادرا آفیس گنداواہ کے اس دوہرے معیار کا اعلی حکام کمشنر نصیرآباد ڈویژن ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

شال بقیہ 45

کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کرکے اپنے اور قرب جوار کے لوگوں کو کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے آگاہ کریں تاکہ یہ موذی مرض زیادہ نہ پھیل سکے، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لسبیلہ فرحان سلیمان رونجھو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس ایک خطرناک وائرس ہے اس سے بچاؤ کے لئے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے بتائے ہوئے حفاظتی تدابیر پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے انہوں نے کہا کہ تھوڑی سی بے احتیاطی سے مہلک وائرس کے زیادہ پھیلنے کا خطرہ ہے انہوں نے کہا کہ تمام لوگوں کو سماجی فاصلوں، ہاتھوں کو بار بار دھونا، سینیٹائزر کے استعمال اور ماسک پہننا انتہائی ضروری ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد یعقوب، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی لسبیلہ ریحان حمید بلوچ، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر نذیر رونجھا نے بھی خطاب کیا، اس موقع پر اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر سالم علی بلوچ، مانیٹرنگ اینڈ ایوالیوشن آفیسر عمران ستار کھوسہ اور دیگر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 46

شفیق، مولانا مبارک اللہ، عبدالکریم، حکیم گل احمد، سردار ولی خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمیعت علماء اسلام (س) دیوبند کی ترجمان جماعت ہے ہمارے اکابرین نے اسلام مائنٹرنیشن کیلئے جو جدو جہد کی ہے وہ دنیا پر عیاں ہے۔

شال بقیہ 47

ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

شال بقیہ 48

میں 8 قیدی کورونا میں مبتلا پائے گئے جیل حکام کے مطابق آٹھوں قیدیوں کو جیل کے علیحدہ بیرک میں قرنطینہ کر کے علاج شروع کر دیا گیا ہے جب کہ تربت جیل میں کورونا کا شکار ہونے والے 31 قیدیوں میں سے 5 صحت یاب ہو گئے ہیں تربت جیل میں اس وقت 26 قیدی اور عملے کے 7 اہلکار کورونا وائرس کا شکار ہیں محکمہ جیل کے حکام کے مطابق صوبے کی دیگر جیلوں سے ابھی تک کورونا کا کوئی مریض قیدی سامنے نہیں آیا ہے۔

شال بقیہ 49

حکومت پارٹی کے اس ایجنڈے کی تکمیل کے لیے نہ صرف پرعزم ہے بلکہ سنجیدہ اور نتیجہ خیز اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے قائد وزیر اعلی بلوچستان جام کمال اور چیف آرگنائزر میر جان محمد جمالی کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی مزید فعال ہو رہی ہے بلوچستان عوامی پارٹی شہیدوں کی پارٹی ہے شہید سراج خان رئیسانی کا خون رائیگاں نہیں جائیگا اور انکی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی بلوچستان عوامی پارٹی کو فعال بنانے کے لئے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 50

ڈاکٹر سید عبدالباری پی پی ایچ آئی ڈاکٹر عبدالباری کاکڑ نے شرکت کی اس موقع پر ایریا کوارڈینٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ذکیہ نعمت اللہ نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا نئے سال کے آغاز میں 11 تا 15 جنوری 2021 میں پولیو مہم متوقع ہے۔ اجلاس میں جنوری میں ہونے والی کمپین کی تیاریوں کے بارے میں تفصیلی گفتگو ہوئی اس بارے میں یاد رہے کہ گزشتہ پولیو بچاؤ مہم 30 نومبر تا 4 دسمبر 2020 میں 56 ہزار پانچ سو اٹھتیس بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گے اس مہم میں این اے بچوں کی تعداد 679 اور ریفیوزل کی تعداد صفر رہی۔ گزشتہ کمپین میں دو یونین کونسلز میں ایل کیو اے ایس پاس اور 100 ٪ رہا۔ لورالائی ڈسٹرکٹ میں کل یونین کونسلز کی تعداد 20 ہے اس میں UCMOS.20 44 ایریا انچارجز 189 موبائل ٹیم 8 ٹرانزٹ پوائنٹ اور 13 فکسڈ سینٹر کام کریں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم کے دوران کسی بھی قسم کی غفلت وکوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی پولیو مرض سے ہمیں نمٹنے کے لیے جنگی اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے ہوں گے تبھی جا کر ہم اپنی آنے والی نسلوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے معذور ہونے سے بچا سکتے ہیں۔

شال بقیہ 51

عملی جدوجہد اور بلوچ قومی سیاست میں خواتین کی بہتر انداز میں نمائندگی کی، بیان میں کہا گیا ہے کہ کینیڈین حکومت اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہیں امید ہے کہ وہ کریمہ بلوچ کے قتل کی صاف وشفاف تحقیقات کرکے محرکات کو سامنے لائیگی مظلوم ومحکوم اقوام کی ترقی اور ان کے حقوق کیلئے جدوجہد کرنے والوں میں کریمہ بلوچ کا کردار تاریخ کا حصہ رہے گا۔

شال بقیہ 52

میں Sops کے اصولوں کا کوئی خیال نہیں رکھا جارہا ہے تین کی سیٹ پر چار مسافروں کو بٹھایا جاتا ہے جس سے کرونا وائرس مذید پھیلنے کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے مطالبہ کیا ہے کہ مسافر ویگن اور بسوں میں ناجائز کرایوں کا نوٹس لیا جائے اور کرونا وائرس کے پیش نظر sops پر بھی عمل درآمد کروایا جائے جس سے عوام کرونا جیسے موذی مرض سے بچ سکے۔

شال بقیہ 53

میں دھوکہ دہی سے منافع حاصل کرنیکی اجازت نہیں دی جائے گی اور اس طرح کے دھوکہ سے پٹرول وڈیزل کم بیچنے والوں کے خلاف ایکشن وکارروائی جاری رہے گی اسسٹنٹ کمشنر عطاء المنعم صاحب بمعہ لیویز عملے کی مذکورہ کارروائی پر لورالائی کے تمام ٹرانسپورٹرز مالکان شکریہ ادا کیا اور مزید اس طرح کارروائی کی امید رکھتے ہیں۔

شال بقیہ 54

لیٹر فلو کر پریشر کو بڑھانے کی درخواست پیش کی گئی، سرکردہ محمد صدیق عمرانی نے حکام بالا سے بذریعہ موبائل فون بات کر کے مسائل کو حل کرنے کی درخواست کی اور انہیں لانگ مارچ کے بعد کرائی گئی یقین دہانی پر عمل درآمد کرنے پر زور دیا، اعلی حکام نے بتایا کہ لانگ مارچ کے بعد ان کا اوستہ محمد کی طرف خاص توجہ ہے، زونل ہیڈ اور انچارج سوئی گیس اوستہ محمد نے یقین دہانی کروائی کہ سوموار تک گیس پریشر میں واضح اضافہ ہوگا، سرکردہ محمد صدیق عمرانی نے واضح کیا کہ اگر گیس پریشر میں اضافہ نہ ہوا تو احتجاج کی کال دیں گے اس موقع پر شاکر اقبال سیال، احسان عمرانی، کاشف الہی، بابل عمرانی، ذاکر سیال و دیگر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 55

کہ اداروں نے کہا کہ جلسہ نہیں ہونے دیں گے لاہور جلسہ تاریخ ساز اور فقیدالمثال تھا بعض میڈیا کے نمائیندوں نے جلسہ کی تعداد دو سے پانچ ہزار بتائی اگر کوئی ناپنا ہے تو ان کا کوئی قصور نہیں لاہور جلسے میں پی ڈی ایم رہنماؤں پر مقدمات بنائے لاہور جلسے سے عمرانی حکومت کی چیخیں نکل گئیں حکومت بوکھلاہٹ اور گھبراہٹ کا شکار ہے حکومت اس قابل ہے کہ ان سے مذاکرات ہے آپ شو ہیں ہو اور تم سے مذاکرات نہیں ہو سکتے۔

شال بقیہ 56

تور ظلہ روڈ پر عبدالودود کاکڑ نامی شخص پر قاتلانہ حملے کے نتیجے میں زخمی کرنا موبائل فون اور موٹر سائیکل چھیننے کے عمل کی مزمت کرتے ہوئے گرفتار چوروں کے خلاف سخت اقدامات اٹھائیں، بصورت دیگر ان وارداتوں کے سنگین نتائج برآمد ہونگیں۔

شال بقیہ 57

ملک کا نام روشن نہ کرسکیں انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کے نوجوانوں میں بہت ساری صلاحیتیں موجود ہیں اور میں ان کا مستقبل روشن دیکھ رہا ہوں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی بلوچستان جام کمال خان نے صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کو پرائمری اسکولوں کو مڈل، مڈل اسکولوں کو ہائی، ہائی اسکولوں کو ہائیر سیکنڈری اسکول اور انٹر کالجز کو ڈگری کالج بنانے کے احکامات صادر کیے ہیں جو ایک نیک شگون ہے، انہوں نے تعینات ہونے والے اساتذہ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ اساتذہ اپنی تعیناتی کو صرف نوکری نہ سمجھیں بلکہ ایک عبادت سمجھ کر بچوں کو اچھی تعلیم دیں اور تعلیمی معیار کو بہتر بنائیں کیوں کہ آج دنیا ایک جدید دور سے گزر رہی ہے اور مقابلے کا دور ہے اس لئے بچوں پہ خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے اور اساتذہ ایک ماڈل رول بنیں اور اچھی تعلیم سے بچوں کی نشونما کریں تاکہ بچے اچھی تعلیم حاصل کر کے اپنی قوم اور ملک کا نام روشن کر کے لوگوں کی بہتر خدمت کر سکیں۔

شال بقیہ 58

کہا کہ حکام بالا ممبر بورڈ آف ریونیو بلوچستان اور کمشنرز صاحبان سے اپیل کرتے ہے کہ عرصہ دراز سے بلوچستان میں پٹواریوں، قانگوں کی ترقی کا عمل التواء کا شکار ہے جس سے عملہ مال میں مایوسی پائی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ سینکڑوں کی تعداد میں پٹوار اسکولز سے پٹواریوں نے تربیت حاصل کرنے کے بعد بے روزگاری کے شکار ہیں جبکہ بلوچستان میں سینکڑوں کی تعداد میں پٹواریوں کی اسامیاں خالی ہیں انہوں نے کہا کہ کئی سالوں سے پٹواری اور قانگو پرموشن کے منتظر ہیں لیکن محکمہ ریونیو اور کمشنرز صاحبان ان پوسٹوں پر کسی بھی پٹواری اور قانگو کا پرموشن نہیں کررہے ہیں جو کہ ان کے ساتھ سراسر زیادتی کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ کمشنرز پٹواریوں اور قانگوں کی سینارٹی لیسٹ منگوا کر پٹواریوں اور قانگوں کو ان پوسٹوں پر ترقی دیں جو ان کا بنیادی حق ہے۔

شال بقیہ 59

نمبر NAC 208 کوئٹہ ڈرائیور احمد اللہ ولد فیض اللہ محب اللہ ولد عبدالقادر کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کی جارہی ہے اور اسی گاڑی سے تین لیٹر غیر ملکی شراب برآمد کرلی ہے کارروائی تقریباً صبح چار بجے کے قریب شک کی بنا پر گاڑی کو روک کر تلاشی کی گئی دوران تلاشی غیر ملکی شراب برآمد ہوئی ہم اپنے افسران کی ہدایت پر مزید کوشش کر رہے ہیں کہ بلوچستان اینٹی نارکوٹکس فورس مزید بھی اس طرح کی کاروائی جاری رکھ کر منشیات فروشوں کی ایسی کاروائیوں کو ناکام بنا کر ملک پاکستان میں منشیات کا خاتمہ ممکن بنائیں گے۔

شال بقیہ 60

ایم اوز دائے آئی سی، یو سی پی اوز اور ٹی ایس ویز اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ اور ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحلیم ناصر نے کہا کہ پولیو مہم کے دنوں میں وائرس کی منتقلی کو روکنے کے لئے تمام کووڈ-19 ایس او پیز کی ہر سطح پر پیروی کی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ مہم کے بہتر معیار کے لئے ہیلتھ کے تمام عملے کو مہم میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے انہوں نے کہا کہ مہم کو کامیاب بنانے کے لئے اب رضاکاروں کی جگہ صحت کے عملے کی ڈیوٹیاں لگائینگے۔

شال بقیہ 61

علاقے گنداکی میں چائینہ کول پاور پروجیکٹ کے سیکورٹی گارڈ احسان الحق ولد محمد فاروق سکنہ آزاد کشمیر نے حب کو پاور پروجیکٹ کے مین ٹرانسمشن ٹاور سے کود کر خودکشی کرلی۔ متوفی کو چائنہ کول پاور پروجیکٹ کے سیکورٹی گارڈ کی نوکری سے 20 دسمبر کو نوکری سے نکال دیا گیا تھا جس کے باعث ڈپریشن کا شکار ہو کر حب پاور کے مین لائن ٹاور پر چڑھ کر چھلانگ لگا کر خودکشی کرلی پولیس نے کاروائی کر کے نعش ایدھی کے حوالے کردی۔

شال بقیہ 62

چیئرمین میر صابر خان پندرانی پاکستان نوجوان اتحاد کا چیئرمین منتخب ہونے کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ان کا مزید کہنا تھا پندرانی قوم کے خدمت اور انکا خادم ہوکر رہنے کی کوشش کی ہیں جو عہدہ مجھے سونپا گیا ہے۔

شال بقیہ 63

خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کیس وفود نے حاجی خان محمد بزنجو کو علاقے کے مسائل خصوصا گیس پریشر کی کمی سے آگاہ کیا حاجی خان محمد بزنجو نے کہا کہ ہر سال دعواہ کیا جاتا ہے کہ گیس پریشر درست کیا جائے گا مگر عوام کو طفیل تسلیوں پر رکھا گیا ہے عملاً کچھ نہیں کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 64

دینے کا باقاعدہ قومی خزانے سے تنخواہیں لے رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کرایوں کے ترجمانوں کے اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں روزانہ کی بنیاد پر ہوتے ہیں اور ڈس انفارمیشن پھیلانے کی اس مہم کی نگرانی خود سلیکٹڈ وزیراعظم کرتے ہیں اور اگلے روز جس ترجمان نے سب سے زیادہ جھوٹ اور اپوزیشن کو گالی بکی ہوئی ہو وزیراعظم اسے خوب داد دیتے ہیں اور دوسرے ترجمانوں کو اس کی مثالیں دے دے کر کام میں تیزی لانے کا حکم صادر کرتے ہیں۔

شال بقیہ 65

متصادم عوامل پر جماعت کا آئینی تحرک لازم ہے، انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں مولانا فضل الرحمن کے حکمت عملیوں کو جماعتی مجالس اور کارکنان کی بھرپور تائید اور اعتماد حاصل ہے، باہمی رابطہ کے دوران تحصیل گنداخہ کے امیر قاری نذیر احمد شاکر مینگل، جنرل سکریٹری مولانا امان اللہ حقانی، پریس سکریٹری فریداحمد حیدری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت میں باقاعدہ نظم موجود ہے جو ہر پانچ سال کے اندر جماعتی تشکیلات اور انتخابات سنبھالتے رہتے ہیں۔

شال بقیہ 66

جویو نے سکھر پریس کلب کا دورہ کرتے ہوئے صحافیوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل معلوم کیے جبکہ پریس کلب سکھر کی اسٹیٹ آف آرٹ عمارت کا معائنہ کیا اور شاہکار عمارت کی تعمیر پر عہدیداروں کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر سکھر پریس کلب کے روح رواں لالا اسد پٹھان، جنرل سیکریٹری یاسر فاروقی اور سکھر یونین آف جرنلسٹس کے رہنما سلیم سہتو سمیت انفارمیشن آفیسر سید ساجد حسین شاہ، سید آفتاب بخاری، فقیر مشتاق منگریو، امداد بوزدار اور دیگر موجود تھے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر سکھر امتیاز علی جویو نے کہا کہ صحافیوں کے ساتھ بہتر تعلقات برقرار رکھنے سے ہی حکومتی اقدامات کی تشہیر ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ پریس کلب کی اسٹیٹ آف آرٹ عمارت اور آڈیٹوریم دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی ہے جس کی تعمیر میں سندھ حکومت کے تعاون کے ساتھ صحافیوں کی یکجائی قابل دید ہے۔

شال بقیہ 67

نائب صدر محمد انور طارق زئی، جی ٹی اے بی سوراب کے ضلعی صدر علی احمد ریکی جنرل سیکرٹری لعل بخش لعل حسنی، ڈویژنل جنرل سیکرٹری ثناء اللہ سالانی، ضلعی آرگنائزر شفیق احمد، چیئرمین وطن ٹیچر ایسوسی ایشن سوراب خالد حسین زہری و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ ایک مہینہ گزر گئے سوراب خزانہ آفس کے افتتاح کو لیکن اب تک مکمل طور پر فعال نہ ہوسکا۔

شال بقیہ 68

ویزوں میں 3 ماہ کی عارضی توسیع کا اعلان کیا ہے، 21 جنوری 2021 کو ختم ہونے والے ویزوں کی میعاد 20 اپریل 2021 تک کردی گئی۔

شال بقیہ 69

ضروری بلب، ہیٹر و دیگر برقی آلات کو بند کر کے بجلی کو محفوظ بنائیں تاکہ ضرورت کے مطابق استعمال کی جاسکے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ کا خاتمہ ہوں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر کوہلو ممتاز علی کھیتران نے بجلی کے بڑھتے ہوئے عوامی شکایات پر کھلی کچہری میں شہریوں سے خطاب کرتے ہوئے کیں۔ ڈپٹی کمشنر کا مزید کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی کو آسان بنانا ہے تاکہ ان کے شکایات اور مسائل کو قریب سے جاننے کا موقع مل جائے اور ان کے فوری ازالہ کر سکے۔

شال بقیہ 70

گل محمد سید ان ایئرپورٹ روڈ پر جاری ہے۔

آسامیاں خالی ہیں

اشتہار ہذا میں درج ذیل اسامیوں پر تعیناتی کے لئے بلوچستان کے لوکل / ڈومیسائل مطلوبہ قابلیت اور تعیناتی کی دیگر شرائط کے حامل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

سیریل نمبر	نام آسامی	گریڈ	قابلیت وتجربہ	عمری حد	ٹوٹل آسامیاں
1	اسسٹنٹ لائبریرین	بی پی ایس 14	2nd B.Sc / B.A ڈویژن بمعہ 1 سالہ ڈپلومہ لائبریری سائنس کسی مستند ادارے سے اور 6 ماہ کا کمپیوٹر کورس کیا ہو	28 سال	01
2	ٹیوب ویل آپریٹر	بی پی ایس 05	میٹرک پاس اور مطلوبہ شعبہ میں کسی مستند ادارے سے ڈپلومہ ہولڈر ہو	28 سال	01
3	ڈرائیور	بی پی ایس 04	ہیوی ویہکل ڈرائیونگ لائسنس ہولڈر بمعہ ڈرائیونگ کا 2 سالہ تجربہ اور مڈل پاس ہو	28 سال	01
4	کک	بی پی ایس 01	پڑھا لکھا جانتا ہو مطلوبہ شعبے میں کسی سرکاری / غیر سرکاری ادارے میں کوکنگ کا تجربہ ہو	28 سال	01

شرائط:۔ (۱) درخواستیں جمع ہونے کے بعد ٹیسٹ / انٹرویو کے متعلق مقامی اخبار میں اطلاع دی جائے گی۔ (۲) نئے امیدواروں کی عمری حد اوپر درج ہے تاہم بلوچستان حکومت کی رعایت کے مطابق ہوگی سرکاری ملازم امیدواروں کی بالائی عمری حد قابل رعایت ہے۔ (۳) پہلے سے سرکاری و نیم سرکاری محکموں میں ملازم افراد اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (۴) محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان اور ڈائریکٹر بلوچستان اکیڈمی برائے کالج اساتذہ کو تمام اسامیوں کو ختم کرنے یا کسی بھی وقت اسامیوں میں کمی بیشی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ (۵) آخری تاریخ کے گزرنے کے بعد کسی بھی درخواست پر غور نہیں کیا جائیگا۔ (۶) نامکمل درخواست قبول نہیں کی جائیں گی۔ (۷) مقررہ فارم پر درخواستوں کے ہمراہ قابلیت سے متعلق تمام دستاویزات، تجربہ، ملازمت، لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، کریکٹر سرٹیفکیٹ، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، تین عدد فوٹو اور دیگر متعلقہ کاغذات کی تصدیق شدہ نقول منسلک ہونی چاہئیں۔ (۸) درج بالا آسامیوں کے لئے درخواستیں بلوچستان اکیڈمی برائے کالج اساتذہ کوئٹہ علامہ اقبال ٹاؤن مارکیٹ بلاک نمبر 3 والا بلڈنگ گرلز کالج کوئٹہ میں دفتری اوقات میں جمع کروائیں۔ (۹) ہر لحاظ سے مکمل درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ (دستی یا بذریعہ ڈاک) 10 جنوری 2021 مقرر کی گئی ہے۔

ڈائریکٹر
بلوچستان اکیڈمی برائے کالج اساتذہ بیکٹ کوئٹہ

@dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan
AB NO.266-23-12-2020

Daily SHAL Quetta

4

24 دسمبر 2020ء

روزنامہ شال کوئٹہ

پاکستان دشمن عناصر کی کریمہ بلوچ کی ہلاکت کو غلط رنگ دینے کی کوششیں ناکام

کریمہ بلوچ کی موت کو بنیاد بنا کر پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کی جا رہی تھی

ٹورنٹو پولیس نے کریمہ بلوچ کی موت نان کریمنل موت کا واقعہ قرار دیدیا

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان رکن صوبائی اسمبلی قادر نائل کے بھائی کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان دشمن عناصر کی کریمہ بلوچ کی ہلاکت کو غلط رنگ دینے کی کوششیں ناکام ہو گئیں، ٹورنٹو پولیس نے کریمہ بلوچ کی موت نان کریمنل موت کا واقعہ قرار دیدیا۔ ٹورنٹو پولیس نے موقف دیا کہ تحقیقات کے مطابق یہ نان کریمنل موت ہے، کریمہ بلوچ کی ہلاکت میں کسی قسم کا سازش کا عنصر شامل نہیں۔ ٹورنٹو پولیس نے موقف دیا کہ کریمہ بلوچ کے فیملی کو تحقیقات کے بارے میں آگاہ کر دیا گیا، پاکستان دشمن عناصر کریمہ بلوچ کی موت کو غلط رنگ دینے کی کوششیں کر رہے تھے، کریمہ بلوچ کی موت کو بنیاد بنا کر پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کی جا رہی تھی، بعض لابیز پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے واقعے کو غلط رنگ دے رہے تھے، کریمہ بلوچ کو ای یو ڈس انفو لیب نے بھارت کی جعلی این جی اوز کے لئے پاکستان مخالف نمائندگی کرنے بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

موجودہ صوبائی حکومت عوام کے وسیع تر مفادات میں اقدامات کر رہی ہے، محترمہ درچین مری

صوبائی حکومت پارٹی کے اس ایجنڈے کی تکمیل کے لیے نہ صرف پرعزم ہے بلکہ سنجیدہ اور نتیجہ خیز اقدامات اٹھا رہی ہے

موجودہ صوبائی حکومت پر عوام کا اعتماد مزید بڑھ چکا ہے، سینیئر رہنما، بلوچستان عوامی پارٹی

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی کی سینئر رہنما محترمہ درچین مری نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت عوام کے وسیع تر مفادات میں اقدامات کر رہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام میر کمال خان عالیانی کی قیادت میں بلوچستان بھر کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی عمل تیزی کے ساتھ جاری ہے حکومتی ثمرات عوام کی دہلیز تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت پر عوام کا اعتماد مزید بڑھ چکا ہے اور وہ موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی سے بہتر انداز سے مطمئن ہیں صوبائی بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

بلوچستان کی جیلوں میں کورونا وائرس پھیلنے لگا ڈسٹرکٹ جیل میں بھی قیدی کورونا وائرس میں مبتلا پائے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی جیلوں میں کورونا وائرس پھیلنے لگا اور تربت جیل کے بعد کوئٹہ کی ڈسٹرکٹ جیل میں بھی قیدی کورونا وائرس میں مبتلا پائے گئے محکمہ جیل کے حکام کے مطابق کوئٹہ کی ڈسٹرکٹ جیل میں کیے گئے کورونا ٹیسٹ بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

آئندہ بی پیپرا رولز کی خلاف ورزی پر سخت سزا دی جائے گی' اختر لانگو

محکمہ لوکل گورنمنٹ میں میونسپل کمیٹیوں نے بغیر کوٹیشن اور ٹینڈر کے کام کروائے آئندہ بی پیپرا رولز کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائیگی

بغیر ٹینڈر خریداری پر انکوائری کر کے کمیٹی کو رپورٹ جمع کروائی جائے، چیئرمین پبلک اکاونٹس

کوئٹہ (این این آئی) پبلک اکاونٹس کے چیئرمین میر اختر حسین لانگو نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ میں میونسپل کمیٹیوں نے بغیر کوٹیشن اور ٹینڈر کے کام کروائے آئندہ بی پیپرا رولز کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائیگی، بغیر ٹینڈر خریداری پر انکوائری کر کے کمیٹی کو رپورٹ جمع کروائی جائے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی روم میں پبلک اکاونٹس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجلاس میں میونسپل کمیٹیز کے بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

ڈیرہ اللہ یار، واپڈا کی خالی آسامیوں پر این ٹی ایس پاس امیدواروں کو آرڈر نہ ملنے کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

بیلہ سے کراچی جانے والی ویگن اور مسافر بسوں کی من مانی عروج پر

اوتھل (نامہ نگار) بیلہ سے کراچی جانے والی ویگن اور مسافر بسوں کی من مانی عروج پر لوگوں سے ناجائز کرائے وصول عوامی حلقوں کا ضلعی انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کی صدر مقام اوتھل میں ضلعی انتظامیہ خواب خرگوش میں محو ہے مسافر ویگن اور مسافر بسوں میں عوام سے ناجائز کرایہ وصول کیا جا رہا ہے اور کرونا کی وبا پھیلی ہوئی ہے ویگن اور بسوں بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا وژن بلوچستان کے لوگ تعلیم یافتہ ہوں اور دوسرے صوبوں کا مقابلہ کر سکیں' ڈاکٹر حسن وقار چیمہ

لسبیلہ کے نوجوانوں میں بہت ساری صلاحیتیں موجود ہیں اور میں ان کا مستقبل روشن دیکھ رہا ہوں

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا وژن ہے کہ بلوچستان کے لوگ تعلیم یافتہ ہوں اور دوسرے صوبوں کا مقابلہ کر سکیں لسبیلہ کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں بی ایس ایس پی کے تحت امتحان پاس کرنے والے اساتذہ کو تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع لسبیلہ کے نوجوان تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تو وہ دن دور نہیں کہ ضلع لسبیلہ سے بیشتر نوجوان PCS اور CSS امتحان پاس کر کے اپنی قوم صوبے اور بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

چوری ورہزنی کی وارداتوں میں اضافہ تشویش ناک ہے، سمیع اللہ مندوخیل

ژوب (این این آئی) اتحاد نوجوانان ژوب بلوچستان صدر سمیع اللہ مندوخیل نے اپنے ایک اخباری بیان میں ضلع بھر میں چوری ورہزنی کی وارداتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ومتعلقہ حکام اس مسئلے کو سنجیدہ لیں بیان میں ژوب کے اطراف بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

کئی سالوں سے پٹواری اور قانگو پرموشن کے منتظر ہیں، میر اسد اللہ مری

کمشنرز پٹواریوں اور قانگوں کی سینارٹی لیسٹ منگوا کر پٹواریوں اور قانگوں کو ان پوسٹوں پر ترقی دیں جو ان کا بنیادی حق ہے

سبی (این این آئی) پٹوار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر میر اسد اللہ مری کی صدارت میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری سید اورنگ زیب، صوبائی چیئرمین آغا شکور، پریس سیکرٹری دل مراد سیلاچی اور ضلعی صدر حاجی مثل خان قانگو سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی اجلاس میں پٹواریوں اور قانگوں کی عرصہ دراز پر موشن نہ ہونے اور خالی پوسٹوں پر بھرتی نہ کرنے سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے اجلاس سے پٹوار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر میر اسد اللہ مری، صوبائی جنرل سیکرٹری سید اورنگ زیب و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

بارکھان رکنی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن چیک پوسٹ یوادہ کے انسپکٹر خان محمد بزدار کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی شراب کی تین سو بوتل برآمد

بارکھان (نامہ نگار) شیر احمد کھیتران بارکھان رکنی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن چیک پوسٹ یوادہ کے انسپکٹر خان محمد بزدار کی اپنی ٹیم کے ہمراہ آج صبح کارروائی ایک مزدا ٹرک جس کے اوپری حصے میں فالودہ لوڈ تھے اور نیچے غیر ملکی شراب کی تین سو بوتل پکڑی ہیں جبکہ ڈرائیور کو بھی گرفتار کر لیا ہے گاڑی بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

بی آئی ایس پی دکی میں دو لاکھ دس ہزار روپے خرد برد کا انکشاف

مستحقین کے انگھوٹے لگوا کر پیسے ہڑپ کرلئے جاتے ہیں، پندرہ مستحقین کے دو لاکھ دس ہزار روپے ہڑپ کرلئے گئے ہیں

دکی (آن لائن) بی آئی ایس پی دکی میں دو لاکھ دس ہزار روپے خرد برد کا انکشاف ہوا ہے مستحقین کے انگھوٹے لگوا کر پیسے ہڑپ کرلئے جاتے ہیں۔ پندرہ مستحقین کے دو لاکھ دس ہزار روپے ہڑپ کرلئے گئے ہیں۔ یہ انکشاف اس وقت ہوا جب ایک درخواست گزار محمد عالم نے ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ کو درخواست دیکر موقف اختیار کیا کہ نو دسمبر کو میری اہلیہ کی بائیومیٹرک گورنمنٹ ہائی اسکول دکی کے سنٹر میں قائم بی آئی ایس پی سنٹر میں ہوئی مگر اس دن انہوں نے کہا کہ آپکی اہلیہ کی انگھوٹے نہیں لگ رہے۔ دوبارہ کچھ روز بعد سنٹر پر جانے پر انہیں معلوم ہوا کہ انکے پیسے نکال لئے گئے ہیں۔ درخواست پر ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ نے بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

ایچ ڈی پی کے چیئرمین وصوبائی مشیر اور پارٹی قیادت کی سوئی گیس کمپنی کے ہیڈ کوارٹرز سے رابطے گیس بارے گفتگو

محکمہ سوئی گیس نے نئی پائپ بچھانے کیلئے اقدامات شروع کیا ہے اور بڑی تعداد میں پائپ لایا گیا ہے' ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین وصوبائی مشیر اور پارٹی قیادت کی کاوشوں کی بدولت علمدار روڈ کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر بڑھانے عوام کو گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے سلسلے میں کام کا آغاز ہو گیا ہے اس مقصد کیلئے محکمہ سوئی گیس نے نئی پائپ بچھانے کیلئے اقدامات شروع کیا ہے اور بڑی تعداد میں پائپ لایا گیا ہے جس کی تکمیل کے بعد علمدار روڈ بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

حکومت اور اپوزیشن پاکستانی عوام پر رحم کریں، مولانا ندا محمد حقانی

ملک میں کورونا وباء سے جو مسائل پیدا ہوئے ہیں اس پر غور کرنا چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) جمیعت علماء اسلام (س) ضلع کوئٹہ کا اجلاس بدھ کو مولانا ندا محمد حقانی کی زیر صدارت سردار انجینئر محمد نسیم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے جمیعت علماء اسلام (س) کے قائم مقام امیر مفتی عبدالواحد بازئی، سیکرٹری جنرل عبدالقیوم میرزئی، ڈپٹی سیکرٹری جنرل انجینئر سردار محمد نسیم، صوبائی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد اخونزادہ، مولانا ندا محمد حقانی، بخاری نعیم اللہ، حاجی خدائے نظر ترکئی، حاجی حضرت اللہ اچکزئی، حمداللہ بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، رکن صوبائی اسمبلی قادر نائل کی رہائش گاہ گئے جہاں انہوں نے ان سے ان کے بھائی کی وفات پر تعزیت کی۔ اور مرحوم کی روح کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے بلند درجات اور پسماندگان سے بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

نئے سال کے آغاز میں 11 تا 15 جنوری 2021 میں پولیو مہم متوقع ہے' ڈاکٹر ذکیہ نعمت اللہ

پولیو مہم کے دوران کسی بھی قسم کی غفلت وکوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، فیاض علی

لورالائی (ح ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی کی زیر صدارت پولیو بچاؤ مہم کے سلسلے میں ایک اجلاس منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ایریا کوارڈینیٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ذکیہ نعمت اللہ این سٹاپ آفیسر ڈاکٹر فرحان انجم ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طارق پی ای او ڈاکٹر قدیر ایم ایس سول ہسپتال بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

بلوچ سماجی کارکن کریمہ بلوچ کی المناک موت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار

اے این پی اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندان کے غم میں شریک ہیں

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں بلوچ سماجی کارکن کریمہ بلوچ کی المناک موت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اے این پی اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندان کے غم میں شریک ہیں، کریمہ بلوچ کی دنیا بھر میں مظلوم اقوام کیلئے بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

کوئٹہ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور ومنیش کمار عیسیٰ نگری کے چرچ میں کرسمس کی آمد کے حوالے سے کیک کاٹ رہے ہیں

نیازی حکومت اپنے خاتمے کے خود انتظامات کرنے میں مصروف ہے' علی وان

پی ڈی ایم نے 6 کامیاب جلسے کئے جہاں حکومت نے رکاوٹ کھڑی کی وہ جلسہ زیادہ کامیاب ہوا

روہڑی (نامہ نگار) پیپلز پارٹی سابقہ یوسی چیئرمین علی وان نے اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیازی حکومت اپنے خاتمے کے خود انتظامات کرنے میں مصروف ہے حکومتی نااہلی اور بے وقوفانہ فیصلے اور ملک کی تمام سیاسی پارٹیوں کو دبانے کے لئے مختلف حربے اور ہتھکنڈے حکومت کے خاتمے کا سبب بنے گی کریم بخش سومرو کا مزید کہنا تھا کہ پی ڈی ایم نے 6 کامیاب جلسے کئے جہاں حکومت نے رکاوٹ کھڑی کی وہ جلسہ زیادہ کامیاب ہوا لاہور جلسے سے دور دراز گاؤں دیہات بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

پولیو مہم کے دنوں میں وائرس کی منتقلی کو روکنے کیلئے تمام کووڈ۔19 ایس او پیز کی ہر سطح پر پیروی کی جائے، عظیم کاکڑ

مہم کے بہتر معیار کے لئے ہیلتھ کے تمام عملے کو مہم میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے' ڈپٹی کمشنر دکی

دکی (ح ن) ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ کی زیر صدارت ڈی پی ای سی کا آئندہ این آئی ڈی مہم کے حوالے سے اجلاس ڈی ایچ او آفس دکی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالعلیم ناصر اسسٹنٹ کمشنر دکی حبیب احمد ہنگورئی ایم ایس ڈاکٹر جوہر خان شاہوزئی، پی ای او دکی ڈاکٹر شاہجہان زرکون، ڈی ایچ سی ای آئی دکی، ایم اینڈ ای پی آئی، ایم اینڈ ای پی پی ایچ آئی دکی، یونی بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات عبدالصبور کاکڑ سیکریٹریز کمیٹی برائے پی ایس ڈی پی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیو مہم کو سنجیدہ لیا جائے تو اس کا خاتمہ یقینی بنایا جا سکتا ہے، ولی محمد بڑیچ

اپنی نئی نسل کو اس مرض سے محفوظ رکھنے کے لئے بچوں کو پولیو سے نجات کے لئے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں

خضدار (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر خضدار ولی محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پولیو مہلک مرض ہے اپنی نئی نسل کو اس مرض سے محفوظ رکھنے کے لئے بچوں کو پولیو سے نجات کے لئے حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں گیارہ جنوری سے شروع ہونے والا پولیو مہم کے دوران محکمہ صحت اور متعلقہ حکام تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلوانے کو یقینی بنایا جائے اس حوالے سے کسی قسم کی کوئی کوتاہی کو برداشت نہیں بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

نادرا آفس گنداواہ کی ناقص کارکردگی کا فوری نوٹس لیا جائے' عوامی سماجی حلقے

گنداواہ (نامہ نگار) نادرا آفس میں دیہاتوں وضلع کے دور دراز سے آنے والے مرد وخواتین شناختی کارڈ کی حصول کیلئے پریشان نادرا آفس عملہ سارا دن عام عوام کو سارا سارا دن انتظار کرانے کے باوجود ٹوکن تک جاری نہیں کرتا بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

تھوڑی سی بے احتیاطی سے مہلک وائرس کے زیادہ پھیلنے کا خطرہ ہے' فرحان سلیمان رونجھو

تمام لوگوں کو سماجی فاصلوں، ہاتھوں کو بار بار دھونا، سینیٹائزر کے استعمال اور ماسک پہننا انتہائی ضروری ہے

اوتھل (نامہ نگار) پریونٹو، پروموشنل سرونز کووڈ 19 - ضلع لسبیلہ کے تمام بنیادی مراکز صحت میں صحت کی سہولیات فراہم کرنے والوں کے لئے حکومت بلوچستان اور یونیسف کے تعاون سے ہیلتھ ایجوکیشن سیل اور پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے زیر اہتمام کورونا وائرس سے بچاؤ کا افتتاحی سیشن سرکٹ ہاؤس اوتھل میں منعقد ہوا جس میں ضلع لسبیلہ کی تمام بی ایچ یوز کے انچارجز کو کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے لئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ماسٹر ٹرینرز ڈاکٹر عارفہ جعفر کنسلٹنٹ JSI قلات اینڈ مکران ڈویژن نے کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں ٹریننگ دی تاکہ دور دراز علاقوں میں تمام مراکز صحت کے صحت کے عملے کو آگاہ کیا جائے تاکہ لوگ زیادہ سے زیادہ بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

اسسٹنٹ کمشنر دکی حبیب احمد ہنگورئی نے لیویز فورس کے ہمراہ شہر کے مختلف روڈوں کا دورہ

دکی (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر دکی حبیب احمد ہنگورئی نے لیویز فورس کے ہمراہ شہر کے مختلف روڈوں کا دورہ کیا۔ انکے ہمراہ ڈی ایس پی محمد زبیر تحصیلدار سردار عبدالمجید جوگیزئی، میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر حاجی محمد اعظم ناصر اور دیگر شامل تھے۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر حبیب احمد ہنگورئی نے تجاوزات ہٹا کر تھڑوں پر موجود سامان قبضے میں لے لیا۔

عوام کے قسمت کے فیصلوں کا کسی کو کوئی حق حاصل نہیں' سردار اسرار ترین

دہشت گرد صوبے میں امن وعوام دشمنی کے مرتکب ہو رہے ہیں، قانون کی بالادستی کیلئے اہلکاروں کی قربانی کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جائیگا

صوبے اور ملک کے محب وطن عوام قانون شکن جرائم پیشہ اور دہشت گردوں کے عزائم کو ہر حال میں ناکام بنادینگے، پارلیمانی سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات ایم پی اے سردار مسعود لونی اور رکن قومی اسمبلی سردار اسرار ترین نے اپنے مشترکہ بیان میں اوماراں میں پاک فوج کے سپاہی کی شہادت پر دکھ کا اظہار کرتے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد صوبے میں امن وعوام دشمنی کے مرتکب ہو رہے ہیں قانون کی بالادستی کیلئے اہلکاروں کی قربانی کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ صوبے اور ملک کے محب وطن عوام قانون شکن جرائم پیشہ اور دہشت گردوں کے عزائم کو ہر حال میں ناکام بنادینگے ہم ملک دشمنوں کے ناپاک بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

لسبیلہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فرحان سلیمان رونجھو پولیو سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محمد صدیق عمرانی کی قیادت میں وفد کا انچارج SSGC اوستہ محمد علی کھوسو سے ملاقات

نصیرآباد (نامہ نگار) اوستہ محمد گنداخہ کو بنیادی حقوق دو تحریک کے چیئرمین سرکردہ محمد صدیق عمرانی کی قیادت میں وفد نے انچارج SSGC اوستہ محمد علی کھوسو سے ملاقات کی، شہر بھر میں گیس پریشر میں کمی اور عدم فراہمی سے متعلق بات چیت، متعلقہ دفتر سے حکام بالا کو تحریری طور پر بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی عطاء المنعیم بلوچ کی پٹرولیم پمپس کے خلاف سخت کارروائی

کم پیمانے والے پٹرولیم پمپس پر جرمانے اور سیل کر دیئے گئے

لورالائی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی عطاء المنعیم بلوچ نے پٹرولیم پمپس کے خلاف سخت کارروائی کی کم پیمانے والے پٹرولیم پمپس پر جرمانے اور سیل کر دیئے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر عطاء المنعیم نے لیویز کے ہمراہ کوئٹہ لورالائی روڈ پر واقع مختلف پٹرولیم پمپس پر چھاپے مار کر مذکورہ پمپوں کا پیمانہ چیک کیا انہوں نے کم پیمانے پر پٹرول وڈیزل فروخت کرنے والے پٹرولیم پمپس کو جرمانہ اور سیل کر دیا، اسسٹنٹ کمشنر عطاء المنعیم نے کہا ہے کہ کسی ضلع لورالائی بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

چائینہ کول پاور پروجیکٹ کے سیکورٹی گارڈ احسان الحق ولد محمد فاروق سکنہ آزاد کشمیر نے خودکشی کرلی

اوتھل (نامہ نگار) گڈانی چائنہ کول پاور پروجیکٹ کے سیکورٹی گارڈ نے حبکو کی مین ہائی ٹرانسمیشن لائین کے ٹاور سے چھلانگ لگا کر خودکشی کرلی۔ متوفی کا تعلق آزاد کشمیر سے بتایا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے ساحلی بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

پندرانی اقوام کی ترقی اتفاق کے بدولت ممکن ہو سکتی ہیں، میر صابر خان پندرانی

پاکستان نوجوان اتحاد کا مقصد پندرانی قوم کی خدمت کرنا کے سوا کچھ نہیں

نصیرآباد (این این آئی) پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کا مرکزی چیئرمین میر صابر خان پندرانی نے کہا کہ پندرانی اقوام کی ترقی اتفاق کے بدولت ممکن ہو سکتی ہیں اپنی اتفاق کو مزید مضبوط کرنے کے لئے پاکستان نوجوان اتحاد کے بنیاد رکھی گئی ہیں جس کا مقصد منشور پندرانی اقوام کے دکھ سکھ میں شامل ہونا ہے ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کے نومنتخب مرکزی بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

موجودہ سلیکٹڈ حکومت کا مزید رہنا ملک کی تباہی کا سبب بنے گی، سردار سربلند خان جوگیزئی

عوام اس نااہل اور جھوٹ کے سہارے حکومت چلانے والوں سے تنگ آ کر پی ڈی ایم کا خوب ساتھ دے رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی انفارمیشن سیکرٹری سردار سربلند خان جوگیزئی نے کہا ہے کہ موجودہ سلیکٹڈ حکومت کا مزید رہنا ملک کی تباہی کا سبب بنے گی حکومت بدترین مہنگائی بے روزگاری، ظالمانہ ٹیکسوں کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے بجائے قوم سے جھوٹ بولنے جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے اور مخالفین کی پگڑیاں اچھالنے کیلئے کرایے کے ترجمانوں کی فوج بھرتی کر رکھی ہے جس کا کام سلیکٹڈ وزیر اعظم کی دفاع اور قوم کی اصل ایشو سے توجہ ہٹانے کیلئے اپوزیشن کو گالیاں بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

موجودہ حکومت کی غلط پالیسیوں کے سبب عوام کی پریشانیاں بڑھ گئی ہیں' حاجی خان محمد بڑیچ

کوئٹہ (پ ر) معروف سیاسی سماجی وقبائلی شخصیت پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی ریکارڈ سیکرٹری حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا کہ موجودہ حکومت کی غلط پالیسیوں کے سبب عوام کی پریشانیاں بڑھ گئی ہیں بلکہ عوام نفسیاتی مریض بن چکے ہیں حکمرانوں کے دعوے جھوٹے ثابت ہوئے ان بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند پانچ روزہ تربیتی ورکشاپ برائے خواتین جرنلسٹس سے خطاب کر رہی ہیں

آئرلینڈ میں آج سے پانچویں درجے کے لاک ڈاون کا فیصلہ

آئرش حکومت نے غیر ملکیوں کے ویزوں میں تین ماہ کی عارضی توسیع کا بھی اعلان کر دیا

ڈبلن (این این آئی) آئرلینڈ میں کورونا کے باعث 24 دسمبر تا 12 جنوری پانچویں درجے کے لاک ڈاون کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق آئرلینڈ نے برطانیہ سے سفری پابندیاں 31 دسمبر تک برقرار رکھنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ آئرش حکومت نے غیر ملکیوں کے بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

فنانس ڈیپارٹمنٹ سوراب کو ایک مہینہ گزرنے کے باوجود ابھی تک مکمل طور پر فعال نہ ہو سکا

سوراب (آن لائن) فنانس ڈیپارٹمنٹ سوراب کو ایک مہینہ گزرنے کے باوجود ابھی تک مکمل طور پر فعال نہ ہو سکا۔ تفصیلات کے مطابق جی ٹی اے بلوچستان کے صوبائی بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں بانک کریمہ بلوچ کی شہادت افسوس ناک واقع ہے' میر اصغر رند

پر امن ملک میں ایک بلوچ خاتون سوشل ایکٹیویسٹ کی لاش کی برآمدگی کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر اصغر رند سینٹرل کمیٹی کے رکن خلیل تگرانی ضلعی صدر ظریف زوگ ضلعی انفارمیشن سیکرٹری رئیس ماجد شاہ نے کہا کہ کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں بانک کریمہ بلوچ کی شہادت افسوس ناک واقع ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں پر امن ملک میں ایک بلوچ خاتون سوشل ایکٹیویسٹ کی لاش کی برآمدگی کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔

ڈویژنل ڈائریکٹر انفارمیشن سکھر کا پریس کلب سکھر کا دورہ

روہڑی (نامہ نگار) ڈویژنل ڈائریکٹر انفارمیشن سکھر کا پریس کلب سکھر کا دورہ، صحافی رہنماؤں سے ملاقات، صحافیوں سے بہتر تعلقات استوار کرنے سے ہی حکومتی اقدامات کی مثبت تشہیر ممکن ہوگی۔ امتیاز علی جویو صحافی برادری اور محکمہ اطلاعات کا رشتہ نہ ٹوٹنے والا ہے جس کو مزید مضبوط کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، پی ایف یو جے کے مرکزی رہنما لالا اسد پٹھان، تفصیلات کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر انفارمیشن سکھر امتیاز علی بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

مولانا فضل الرحمن کے قائدانہ صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد ہے' مولانا عبدالغنی ہاشمی

مرکزی جماعت کے فیصلوں پر سختی سے عمل کریں گے' قاری نذیر احمد شاکر

کارکنان جمیعت کے لیئے نظم کی پابندی لازم ہے' مولانا امان اللہ حقانی

گنداخہ (نامہ نگار) جمیعت علماء اسلام ضلع جعفرآباد کے امیر مولانا عبدالغنی ہاشمی نے جمیعت علماء اسلام تحصیل گنداخہ کے امیر قاری نذیر احمد شاکر، جنرل سیکرٹری، ناظم عمومی مولانا امان اللہ حقانی، ناظم اطلاعات فرید احمد حیدری سے ٹیلیفونک رابطہ کیا تفصیلات کے مطابق کہ جے یو آئی جعفرآباد کے ضلعی امیر مولانا عبدالغنی ہاشمی نے تحصیل گنداخہ جماعتی ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعتی زندگی میں نظریات اہمیت کے حامل جبکہ شخصیات قابل احترام ہیں لیکن نظریات سے بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

ادارے عوام کی عزت ناموس وقار اور قومی حقوق کا احترام کریں' لشکری رئیسانی

باکی چوک کو بانک کریمہ بلوچ کے نام سے منسوب کیا جائے تاکہ اس سرزمین کے لوگ وطن کیلئے کریمہ بلوچ کی دی گئی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں

گزشتہ 73 سالوں سے بلوچستان کے قومی حقوق کیلئے ہونے والی جدوجہد پوری دنیا میں پھیل چکی ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان، کینیڈین حکومت سے بانک کریمہ بلوچ کے میڈیکل کی بین الاقوامی اداروں سے تحقیقات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے واقعہ کے اصل حقائق کو منظر عام پر لائے، ایسے واقعات سے انسانی حقوق کی تنظیموں کے کردار پر سوالات اٹھ رہے ہیں، بلوچستان کے طلبہ، نوجوان، سیاسی کارکن پر امن سیاسی علمی بیٹھکی کی مزاحمت بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

موسیٰ خیل، کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ موسیٰ خیل ڈی سی آفس میں ضلعی آفسران کے اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کے بنیادی مسائل سے باخبر ہیں ان کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں' ڈپٹی کمشنر

کھلی کچہری کا مقصد عوام کے حل طلب مسائل کو قریب سے جاننا ہے، کھلی کچہری میں شہریوں سے خطاب

کوہلو (آن لائن) عوام کے بنیادی مسائل سے باخبر ہیں ان کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں کھلی کچہری کا مقصد عوام کے حل طلب مسائل کو قریب سے جاننا ہے اور شہریوں سمیت تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے تجاویز پیش کرکے حل کیلئے کردار ادا کریں کوہلو کے شہری علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور کم فراہمی اور لوڈنگ کے باعث ہے شہری غیر بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

سریاب میں دو ماہ سے جاری بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام سخت پریشان

کاروباری حضرات پہلے سے تباہ حال ہے اب مکمل طور پر ختم ہو کر رہ گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب میں دو ماہ سے جاری بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام سخت پریشان تفصیلات کے مطابق سریاب شاہوانی قبرستان گیلو عوامی پمپ، گاؤں خان چوک، محمد شہی گلی ایکسیوم و دیگر آس پاس کے علاقوں میں گزشتہ دو مہینے سے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے کاروباری حضرات پہلے سے تباہ حال ہے اب مکمل طور پر ختم ہو کر رہ گئی ہے سریاب کے عوام کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے۔

قطری میڈیا خلیج بحران کے حل کے لیے کوششوں کو نقصان پہنچا رہا ہے، امارات

خلیج کا سیاسی اور سماجی ماحول قطری بحران کے حل کے لیے سازگار ہو رہا ہے، اماراتی وزیر خارجہ

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ انور قرقاش نے کہا ہے کہ قطر کا میڈیا خلیجی بحران کے حل کے لیے کوششوں کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ خلیج کا سیاسی اور سماجی ماحول قطری بحران کے حل کے لیے سازگار ہو رہا ہے اور وہ کسی سمجھوتے کے لیے عزم کی صورت میں ضمانت دینے کو تیار ہے لیکن بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ہو چکا ہے' نور محمد دمڑ

اپوزیشن جماعتیں اسمبلیوں سے استعفیٰ نہیں دینگے 31 جنوری بھی گزر جائے گا نہ ہی حکومت ختم ہوگی

حلقہ انتخاب کے تحصیل سنجاوی کیلئے پولی ٹیکنیک کالج سنجاوی کے تعمیر کیلئے کروڑوں روپوں کا ٹینڈر جاری ہو چکا ہے' صوبائی وزیر

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع کے بنیادی مسائل کو مرحلہ وار حل کرنے کیلئے کوشاں ہوں حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ہو چکا ہے جن کی تکمیل سے حلقے کے عوام کے اجتماعی مسائل حل ہونے کے ساتھ حلقے میں ترقی وخوشحالی اور عوام کو روزگار ملے گا حلقہ انتخاب کے تحصیل بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

مرحوم سید حاجی محمد عالم کے فرزند سید عبدالروف طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) مرحوم سید حاجی محمد عالم کے فرزند، سید عبدالودود کے بڑے بھائی، سید زبیر شاہ، سید عبدالباسط شاہ اور سید فیصل شاہ کے والد سید عبدالروف آغا گزشتہ روز طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم کو سپرد خاک کر دیا گیا ہے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی جامع مسجد گلی بقیہ نمبر70 صفحہ3 پر

پروفیسر نور بخش انتقال کر گئے بی ڈی اے پارک انکلیو سے ملحقہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پروفیسر نور بخش انتقال کر گئے وہ سینئر صحافی جاوید نور اور فاروق احمد فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے والد، محمد شکیل فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف بقیہ نمبر34 صفحہ3 پر

پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ ودیگر پیر جان بلوچ کی عیادت کر رہے ہیں